احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کے لئے

روزنامہ

الفضل

مصلح موعود نمبر
17 فروری 2012ء
17 تبلیغ 1391ہش

047-6213029
C.P.L FR-10

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

ارض ربوہ جس کی شاہد ہے وہ معمولی نہ تھا ـــــــــــــ ربوہ کے ابتدائی ایام کی چند تصویریں

بیت مبارک ربوہ کا منظر

سرزمین ربوہ کے ابتدائی ایام

بیت یادگار، احاطہ فضل عمر ہسپتال اور گول بازار



دفاتر تحریک جدید کا قدیم منظر

دفتر مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ ربوہ

جلسہ سالانہ ربوہ کے ایام کی یادگار۔ لنگر خانہ حضرت مسیح موعود

فلک سے پھوٹا ہے اس کا تمام تر سبزہ   یہ ارض فضلِ عمر جنتوں کی وادی ہے

فروری کی بیسویں پھر آگئی حق کی قدرت کا نشاں دکھلا گئی
آشکارا حق ہوا باطل شکار مذہبی دنیا سکینت پا گئی

حسن و احسان میں نظیر پدر فضل و رحمت کا اک نشاں آیا



ہوشیار پور کی اس عمارت کا بیرونی منظر جہاں اللہ تعالیٰ نے حضرت مسیح موعود کو
پیشگوئی مصلح موعود عطا فرمائی 1944ء میں جلسہ مصلح موعود کے موقع پر

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی، حضرت مسیح موعود کی قبر پر دعا کر رہے ہیں

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی قصر خلافت سے باہر رونق افروز ہیں



حضرت مصلح موعود اپنے رفقاء کے ہمراہ

حضرت مصلح موعود کا دہلی کا ایک یادگار سفر۔ حضور کے دائیں جانب خواجہ حسن نظامی
اور حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب کھڑے ہیں

پیشگوئی دربارہ مصلح موعود

حضرت مسیح موعودکو خدا تعالیٰ نے مخاطب کرکے فرمایا:-

''میں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں اسی کے موافق جو تو نے مجھ سے مانگا۔ سو میں نے تیری تضرعات کو سنا اور تیری دعاؤں کو اپنی رحمت سے بپایہ قبولیت جگہ دی اور تیرے سفر کو (جو ہوشیار پور اور لودھیانہ کا سفر ہے) تیرے لئے مبارک کر دیا۔ سو قدرت اور رحمت اور قربت کا نشان تجھے دیا جاتا ہے فضل اور احسان کا نشان تجھے عطا ہوتا ہے اور فتح اور ظفر کی کلید تجھے ملتی ہے اے مظفر تجھ پر سلام! خدا نے یہ کہا تا وہ جو زندگی کے خواہاں ہیں موت کے پنجہ سے نجات پاویں اور وہ جو قبروں میں دبے پڑے ہیں باہر آویں۔ اور تا دین (-) کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو اور تا حق اپنی تمام برکتوں کے ساتھ آجائے اور باطل اپنی تمام نحوستوں کے ساتھ بھاگ جائے اور تا لوگ سمجھیں کہ میں قادر ہوں جو چاہتا ہوں سو کرتا ہوں اور تا وہ یقین لائیں کہ میں تیرے ساتھ ہوں اور تا انہیں جو خدا کے وجود پر ایمان نہیں لاتے اور خدا اور خدا کے دین اور اس کی کتاب (-) کو انکار اور تکذیب کی نگاہ سے دیکھتے ہیں ایک کھلی نشانی ملے۔ اور مجرموں کی راہ ظاہر ہو جائے۔ سو تجھے بشارت ہو کہ ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا۔ ایک زکی غلام (لڑکا) تجھے ملے گا۔ وہ لڑکا تیرے ہی تخم سے تیری ہی ذریت و نسل ہوگا۔ خوبصورت پاک لڑکا تمہارا مہمان آتا ہے۔ اس کا نام عنموائیل اور بشیر بھی ہے۔ اس کو مقدس روح دی گئی ہے اور وہ رجس سے پاک ہے وہ نور اللہ ہے۔ مبارک وہ جو آسمان سے آتا ہے۔

اس کے ساتھ فضل ہے جو اس کے آنے کے ساتھ آئے گا۔ وہ صاحبِ شکوہ اور عظمت اور دولت ہوگا۔ وہ دنیا میں آئے گا اور اپنے مسیحی نفس اور روح الحق کی برکت سے بہتوں کو بیماریوں سے صاف کرے گا۔ (-) خدا کی رحمت و غیوری نے اسے کلمہ تمجید سے بھیجا ہے۔ وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا۔ اور دل کا حلیم۔ اور علوم ظاہری و باطنی سے پر کیا جائے گا۔ اور وہ تین کو چار کرنے والا ہوگا (اس کے معنے سمجھ میں نہیں آئے) دوشنبہ ہے مبارک دوشنبہ۔ فرزند دلبند گرامی ارجمند مظہر الاول والآخر، مظہر الحق والعلاء (-) جس کا نزول بہت مبارک اور جلال الٰہی کے ظہور کا موجب ہوگا۔ نور آتا ہے نور جس کو خدا نے اپنی رضامندی کے عطر سے ممسوح کیا۔ ہم اس میں اپنی روح ڈالیں گے اور خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا۔ وہ جلد جلد بڑھے گا اور اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا اور زمین کے کناروں تک شہرت پائے گا اور قومیں اس سے برکت پائیں گی۔ تب اپنے نفسی نقطہ آسمان کی طرف اٹھایا جائے گا۔ وکان امرا مقضیا''

(اشتہار 20 فروری 1886ء۔ روحانی خزائن جلد نمبر 5 ص 647)

جاں تو تیرے در پہ قرباں ہو گئی

میں ترا در چھوڑ کر جاؤں کہاں
چینِ دل آرامِ جاں پاؤں کہاں

یاں نہ گر روؤں کہاں روؤں بتا
یاں نہ چلّاؤں تو چلّاؤں کہاں

تیرے آگے ہاتھ پھیلاؤں نہ گر
کِس کے آگے اور پھیلاؤں کہاں

جاں تو تیرے دَر پہ قرباں ہو گئی
سر کو پھر مَیں اور ٹکراؤں کہاں

کون غمخواری کرے تیرے سوا
بارِ فکر و حزن لے جاؤں کہاں

دل ہی تھا سو وہ بھی تجھ کو دے دیا
اب میں امیدوں کو دفناؤں کہاں

بڑھ رہی ہے خارشِ زخمِ نہاں
کس طرح کھجلاؤں کھجلاؤں کہاں

کثرتِ عصیاں سے دامن تر ہوا
ابرِ اشکِ توبہ برساؤں کہاں

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ | مطبع: ضیاء الاسلام پریس | مقام اشاعت: دار النصر غربی چناب نگر ربوہ | قیمت 10 روپے

پیشگوئی مصلح موعود کا گزشتہ نوشتوں میں ذکر

مصلح موعود کی پیدائش کے تذکرے حضرت مسیح موعود سے قبل بھی تاریخ میں محفوظ ہیں

مکرم لقمان احمد شاد صاحب

دنیا کے تمام بڑے بڑے مذاہب تواتر کے ساتھ ایک موعود اقوام عالم کی بعثت کی خبر دیتے آئے ہیں اور اس کے متعلق بہت ساری علامات اور نشانیاں بیان کی گئی ہیں جن میں سے ایک علامت اس موعود اقوام عالم کے ہاں ایک عظیم الشان صفات کے حامل بیٹے کی ولادت ہے اس لحاظ سے موعود کے متعلق خبر صرف حضرت مسیح موعود کی تحریرات تک ہی محدود نہیں بلکہ اس عظیم بیٹے کی پیدائش کے تذکرے آپ سے قبل قدیم مذاہب کی تاریخ کے مختلف اوراق میں رقم شدہ ملتے ہیں۔ چنانچہ چند مذاہب کی کتب مقدسہ میں یہ پیشگوئی کچھ اس طرح پر بیان کی گئی۔

مصلح موعود کے متعلق آنحضرتؐ کی پیشگوئی

درج ذیل حدیث میں ہے کہ:

یعنی حضرت عیسیٰؑ دنیا میں تشریف لائیں گے اور شادی کریں گے اور ان کو اولاد دی جائے گی۔

(مشکوٰۃ مجتبائی باب نزول عیسیٰ بن مریم کتاب الفتن)

اس جگہ صاف ظاہر ہے کہ محض شادی کرنا اور اولاد کا ہونا کسی مامور من اللہ کی صداقت کی دلیل نہیں بن سکتا۔ بلکہ حدیث کے الفاظ اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ اس موعود کے ہاں غیر معمولی صفات کی حامل اولاد کا ہونا مقدر تھا جو اس کی صداقت کا ایک عظیم الشان نشان بننا تھا۔

طالمود کی پیشگوئی

یہودی مذہب کی معروف کتاب طالمود میں لکھا ہے کہ:

It is also said that he shall die, and his kingdom descend to his son and grandson.

(طالمود از جوزف بارکلے باب پنجم ص 37 مطبوعہ لندن 1878ء)

ترجمہ: یہ بھی کہا جاتا ہے کہ وہ (یعنی مسیح) جب وفات پا جائے گا تو اس کی (روحانی) سلطنت اس کے فرزند اور پوتے کو ملے گی۔

اس پیشگوئی سے پتہ چلتا ہے کہ آنے والے مسیح آخرالزماں کے ہاں پیدا ہونے والے موعود بیٹے کے متعلق خبر سب سے پہلے بنی اسرائیل پر منکشف ہوئی۔

زرتشتی مذہب میں پیشگوئی

ایران کے قدیم زرتشتی مذہب کے صحیفہ ''دساتیر'' میں مجدد ساسان اول کی تحریر کردہ درج ذیل پیشگوئی پائی جاتی ہے جو اصل میں پہلوی زبان میں تھی اور بعد میں زرتشتی اصحاب نے اسے فارسی زبان میں نقل کیا۔ چنانچہ لکھا ہے کہ:

ترجمہ: پھر شریعت عربی پر ہزار سال گزر جائیں گے تو تفرقوں اور اختلافات سے دین ایسا ہو جائے گا کہ اگر اسے خود شارع (نبیؐ) کے سامنے بھی پیش کیا جائے تو وہ بھی اسے پہچان نہ سکے گا ......اور ان کے اندر اختلافات وانشقاق پیدا ہو جائے گا اور روز بروز اختلاف اور باہمی دشمنی میں وہ بڑھتے چلے جائیں گے۔ جب ایسا ہو گا تو تمہیں خوشخبری ہو کہ اگر زمانے سے صرف ایک دن بھی باقی رہ جائے گا تو تیرے لوگوں (فارسی الاصل) میں سے ایک شخص کو کھڑا کر دوں گا۔ جو تیری گمشدہ عزت وآبرو واپس لائے گا اور اسے دوبارہ قائم کرے گا میں تیری نسل سے پیغمبری و پیشوائی نہیں اٹھاؤں گا''۔

اس پیشگوئی کے مندرجہ بالا آخری فقرہ کہ ''پیغمبری و پیشوائی از فرزندان تو برانگیزم'' میں یہ اشارہ ہے کہ آخری زمانہ کا موعود جب آئے گا تو اس کی اولاد میں سے کوئی اس کا جانشین ہوگا۔

بزرگان سلف کی پیش خبریاں

بزرگان سلف کے بعض بزرگان و اولیاء نے بھی آنے والے موعود کے ہاں ایک غیر معمولی صفات کے حامل فرزند کے تولد کی خبر دی ہے۔ چنانچہ حضرت علیؓ کی ایک روایت میں بھی اس پیشگوئی کا ذکر موجود ہے کہ:

یعنی پھر عیسیٰ ایک عورت سے شادی کریں گے اور اس کے بطن سے ایک عظیم بیٹا پیدا ہوگا۔

(معجم احادیث الامام المہدی جلد 3 ص 123)

اسی طرح بحارالانوار میں ایک پیشگوئی درج ہے جس کا ترجمہ ہے کہ:

ایک آہنی مرد خروج کرے گا جو سیاہ جھنڈوں کو سرخ جھنڈوں میں تبدیل کر دے گا اور محرمات کو جائز قرار دے گا اور دودھ پلانے والی عورت کو معلقہ چھوڑ دے گا اور وہ کوفہ کو تباہ کرنے والی قوم سے تعلق رکھنے والا ہوگا۔ اس وقت خدا کے نبی امام مہدی کا بیٹا ظہور کرے گا۔

(بحارالانوار جلد 51 ص 163 بیروت)

یہاں مصلح موعود کی پیدائش سے پہلے سوشلسٹ انقلاب کا ذکر ہے۔ حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ نے بھی کشف کے ذریعے خدا سے اطلاع پا کر آنے والے مہدی کے فرزند عظیم کی خبر دی۔ چنانچہ لکھا ہے کہ:

''ایک دن حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کسی جنگل میں مراقبہ فرمائے ہوئے بیٹھے تھے ناگہاں آسمان سے ایک نور ظاہر ہوا جس سے تمام عالم نورانی ہو گیا۔ یہ نور ساعۃً فساعۃً بڑھتا گیا اور روشن ہو گیا۔ اس سے امت مرحومہ کے اولین وآخرین اولیاء نے روشنی حاصل کی۔ حضرت نے تامل فرمایا کہ اس مثال میں کسی صاحب کمال کا وجود باجود مشاہدہ کرایا گیا ہے۔ کہا گیا ہے کہ اس نور کا صاحب تمام امت کے اولیاء اولین وآخرین سے افضل تر ہے پانسو سال بعد ظہور فرما کر ہمارے پیغمبرؐ کے دین کی تجدید کرے گا۔ جو اس کی صحبت سے فیضیاب ہوگا وہ سعادت مند ہوگا اس کے فرزند اور خلیفہ بارگاہ احدیت کے صدر نشینوں میں سے ہیں''۔

(حدیقہ محمودیہ ترجمہ روضہ قیومیہ ص 32)

حضرت نعمت اللہ ولی امت مسلمہ کے مشہور صاحب کشف والہام اور برصغیر کے مشہور بزرگ گزرے ہیں۔ ان کا ایک شہرۂ آفاق الہامی قصیدہ جس میں آنے والے امام مہدی کے ظہور کی خبریں دی گئی ہیں۔ حضرت سید اسماعیل شہیدؒ کی کتاب ''اربعین فی احوال المہدیین'' میں درج ہے۔

اس قصیدے میں حضرت نعمت اللہ ولی نے فرمایا ہے کہ اس قصیدہ کی بنیاد خدائے علیم وخبیر کے خالص الہام پر ہے اور اسی قصیدہ میں آپ نے مسیح و مہدی کے ہاں ایک ایسے فرزند کے تولد ہونے کی خبر دی ہے جو عظیم صفات کا حامل ہوگا۔

چنانچہ آپ فرماتے ہیں کہ ؎

دور او چوں شود تمام بکام
پسرش یادگار مے بینم

''جب مسیح موعود کا زمانہ کامیابی کے ساتھ گزر جائے گا تو اس کے نمونہ پر اس کا لڑکا یادگار رہ جائے گا''۔

یعنی وہ اپنے باپ کے رنگ میں رنگین ہوگا اور وہی صفات اپنے اندر رکھے گا۔

پانچویں صدی ہجری کے ایک شامی بزرگ حضرت امام یحییٰ بن عقبؒ نے خداتعالیٰ سے اطلاع پا کر واشگاف الفاظ میں مصلح موعود کے نام تک کی خبر دے دی۔ چنانچہ فرماتے ہیں:

ومحمودٌ سیظهر بعد هذا
ویملك الشام بلا قتال

(شمس المعارف الکبریٰ مصری ص 340)

یعنی مسیح موعود کے بعد ان کا جانشین محمود ظاہر ہوگا جو ملک شام کو بلا قتال یعنی مادی جنگ کے بغیر فتح کرے گا۔

اسی طرح سلسلہ سہروردیہ کے مشہور بزرگ سید صدرالدینؒ نے بھی ایک نظم میں اس پیشگوئی کا ذکر کیا ہے کہ ؎

محمود احمد تاج دیں مزدور بینی ہر طرف
شادی قبولا زیر کا مقطع شدہ ہم مشتہر

ترجمہ: جب دین کا تاج محمود احمد کے سر پر پہنچایا جائے گا تو اس وقت ہر طرف مزدور نظر آئیں گے۔ (مزدوروں کی حکومت یعنی سوشلزم کی طرف اشارہ ہے)

اس کے علاوہ کئی باکمال بزرگوں نے اس مصلح موعود کے ظہور کی خبر دی جن میں مولوی جلال الدینؒ اور حضرت محی الدین ابن عربیؒ نے اس آنے والے مصلح موعود کو کشفی آنکھ سے دیکھا اور خبر دی۔

اگرچہ مصلح موعود کی پیشگوئی اصولی شکل میں پہلے سے کتابوں میں درج تھی مگر اسے تفصیلات کے اعتبار سے اور کھول کر خداتعالیٰ نے پہلی مرتبہ حضرت مسیح موعود کو اطلاع دی اور آپ پر اس عظیم الشان مصلح موعود کی جملہ صفات منکشف فرمائیں۔ جنہیں آپ نے 20 فروری 1886ء کے ایک اشتہار میں درج فرمایا۔

چنانچہ مندرجہ بالا پیشگوئیوں اور ان میں مذکور شرائط کے عین مطابق حضرت بانی سلسلہ احمدیہ مسیح موعود کو خداتعالیٰ نے 12 جنوری 1889ء کو ایک عظیم الشان بیٹے سے نوازا جس کا نام پیشگوئیوں کے مطابق اور الہام الٰہی کی بنا پر حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد رکھا گیا جو حضرت مسیح موعود کی وفات کے بعد آپ کے دوسرے خلیفہ منتخب ہوئے اور تقریباً باون 52 سال خلافت احمدیہ پر متمکن رہے۔ آپ نے 1944ء کو خداتعالیٰ سے اطلاع پا کر دعویٰ فرمایا کہ میں وہی مصلح موعود ہوں جس کی خبر گزشتہ نوشتوں میں کی گئی ہے۔

گزشتہ نوشتوں اور پیشگوئی مصلح موعود میں بیان فرمودہ تمام صفات بکمال آپ کے وجود میں پوری ہوئیں جن کے مطالعہ سے کوئی انسان حضرت مسیح موعود کی صداقت کا اعتراف کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔

مصلح موعود کی علامات۔ کلام اللہ کے مرتبہ کا ظہور، اولوالعزمی اور اسیروں کی رستگاری کے متعلق

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے پُرمعارف ارشادات

از خطبہ جمعہ 20 فروری 2009ء

پسر موعود کے بارے میں اس پیشگوئی میں ایک یہ بات بھی تھی کہ ''تا دین (۔) کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو''۔ اس میں بھی غیروں کی شہادت دیکھیں کیا ہے۔

زمیندار اخبار میں مولوی ظفر علی خاں صاحب نے لکھا ہے۔ یہ مشہور مصنف مسلم لیڈر تھے اور بڑے زبردست مقرر تھے۔ کہتے ہیں۔ ''کان کھول کر سن لو۔ تم اور تمہارے لگے بندھے مرزا محمود کا مقابلہ قیامت تک نہیں کر سکتے۔ مرزا محمود کے پاس قرآن ہے اور قرآن کا علم ہے۔ تمہارے پاس کیا دھرا ہے۔.........تم نے کبھی خواب میں بھی قرآن نہیں پڑھا.........مرزا محمود کے پاس ایسی جماعت ہے جو تن من دھن اس کے اشارہ پر اس کے پاؤں پر نچھاور کرنے کو تیار ہے.........مرزا محمود کے پاس (۔) ہیں۔ مختلف علوم کے ماہر ہیں۔ دنیا کے ہر ملک میں اس نے جھنڈا گاڑ رکھا ہے۔

(''ایک خوفناک سازش''۔ صفحہ 196۔ مظہر علی اظہر۔ بحوالہ تاریخ احمدیت جلد اول صفحہ 288)

پھر اولوالعزم ہونے اور علوم ظاہری و باطنی سے پُر کئے جانے کے بارہ میں غیروں کی شہادت ہے۔ خواجہ حسن نظامی دہلوی ایک مشہور صحافی ہیں ان کی شہادت ہے۔ انہوں نے آپ کے بارے میں لکھا ہے کہ ''اکثر بیمار رہتے ہیں''۔ حضرت مصلح موعودؓ بچپن سے ہی بیمار تھے خود انہوں نے لکھا ہے کہ مَیں بچپن سے ہی بہت کمزور تھا آنکھوں کی بیماری تھی۔ پڑھ نہیں سکتا تھا۔ آنکھیں اتنا ابل جاتی تھیں کہ نظر ہی کچھ نہیں آتا تھا۔ استاد میری شکایت حضرت مسیح موعودؑ کے پاس کرتے تھے بلکہ ایک دن حضرت میر ناصر نواب صاحب نے شکایت کی کہ اس کو حساب نہیں آتا، یا اس کو پڑھنا نہیں آتا تو حضرت مسیح موعودؑ ہنس کے ٹال دیا کرتے تھے کہ ہم نے اس سے کوئی کاروبار نہیں کروانا اور نوکری نہیں کروانی۔ اور حضرت خلیفہ اوّل سے پوچھا کرتے تھے کہ کیوں آپ کیا کہتے ہیں؟ وہ کہتے تھے۔ نہیں بالکل ٹھیک ہے۔ بہرحال جو ظاہری دنیاوی تعلیم تھی وہ کسی قسم کی آپ نے نہیں لی بلکہ دینی تعلیم بھی حضرت خلیفہ اوّل کی مطب میں بیٹھ کر صرف لیکچر میں سنا کرتے تھے۔ تو یہ ہے علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا۔ اس بارہ میں خواجہ حسن نظامی لکھتے ہیں۔ کہ ''اکثر بیمار رہتے ہیں مگر بیماریاں ان کی عملی مستعدی میں رخنہ نہیں ڈال سکتیں۔ انہوں نے مخالفت کی آندھیوں میں اطمینان کے ساتھ کام کر کے اپنی مغلئی جوانمردی کو ثابت کر دیا اور یہ بھی کہ مغل ذات کارفرمائی کا خاص سلیقہ رکھتی ہے۔ سیاسی سمجھ بھی رکھتے ہیں اور مذہبی عقل و فہم میں بھی قوی ہیں اور جنگی ہنر بھی جانتے ہیں یعنی دماغی اور قلمی جنگ کے ماہر ہیں''۔

(اخبار ''عادل'' دہلی۔ 24 اپریل 1933ء بحوالہ تاریخ احمدیت جلد اول صفحہ 288)

پھر پیشگوئی میں الفاظ تھے کہ ''اسیروں کی رستگاری کا موجب ہوگا''۔ یہ پیشگوئی بھی کس شان سے پوری ہوئی ہے۔ آج تو ہمیں کہا جاتا ہے کہ جہاد کے خلاف ہیں اور کشمیریوں کے خلاف ہیں لیکن جو کوششیں حضرت مصلح موعود نے کی تھیں مَیں ان کے بارہ میں کچھ بتاتا ہوں۔ تحریک آزادی کشمیر آپ نے شروع کی تھی کیونکہ آل انڈیا کشمیر کمیٹی جو بنائی تھی اس کا سہرا آپ کے سر پر ہے۔ اس میں بہت بڑے بڑے مسلم لیڈر سر ذوالفقار علی خان، ڈاکٹر اقبال، خواجہ حسن نظامی، سید حبیب مدیر اخبار ''سیاست''، وغیرہ شامل ہوئے اور ان سب کے مشورہ سے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کو اس کمیٹی کا صدر چنا گیا۔ پھر اللہ تعالیٰ کے فضل سے کشمیری مسلمان جو مدتوں سے انسانیت کے ادنیٰ حقوق سے بھی محروم تھے ان کو آزادی دلوائی گئی۔ مسلم پریس نے حضرت مصلح موعود کے ان شاندار کارناموں کا اقرار کیا اور آپ کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے یہاں تک لکھا۔ کہ ''جس زمانے میں کشمیر کی حالت نازک تھی اور اس زمانے میں جن لوگوں نے اختلاف عقائد کے باوجود مرزا صاحب کو صدر منتخب کیا تھا۔ انہوں نے کام کی کامیابی کو زیر نگاہ رکھ کر بہترین انتخاب کیا تھا۔ اس وقت اگر اختلاف عقائد کی وجہ سے مرزا صاحب کو منتخب نہ کیا جاتا تو تحریک بالکل ناکام رہتی اور امّت مرحومہ کو سخت نقصان پہنچتا''۔

(اخبار ''سیاست'' 18 مئی 1933ء۔ بحوالہ تاریخ احمدیت جلد اول صفحہ 289)

عبدالمجید سالک صاحب تحریک آزادی کشمیر کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ ''شیخ محمد عبداللہ (شیر کشمیر) اور دوسرے کارکنان کشمیر مرزا محمود احمد صاحب اور ان کے بعض کارپردازوں کے ساتھ.........اعلانیہ روابط رکھتے تھے اور ان روابط.........کی بنا محض یہ تھی کہ مرزا صاحب کثیر الوسائل ہونے کی وجہ سے تحریک کشمیر کی امداد کئی پہلوؤں سے کر رہے تھے۔ (وسائل تو اتنے نہیں تھے لیکن وسائل کا صحیح استعمال تھا) اور کارکنان کشمیر طبعاً ان کے ممنون تھے''۔

(''ذکر اقبال'' صفحہ 188۔ بحوالہ تاریخ احمدیت جلد اول صفحہ 289)

سید حبیب صاحب جو ایک معروف صحافی تھے اور اخبار ''سیاست'' لاہور کے ایڈیٹر تھے اور آل انڈیا کشمیر کمیٹی کے ممبر بھی تھے جب حضرت مصلح موعود نے کمیٹی سے استعفیٰ دیا تو انہوں نے اپنے اخبار میں 18 مئی 1933ء کی اشاعت میں لکھا کہ میری دانست میں اپنی اعلیٰ قابلیت کے باوجود ڈاکٹر اقبال اور مولوی برکت علی صاحب دونوں اس کام کو چلا نہیں سکیں گے اور یوں دنیا پر واضح ہو جائے گا کہ جس زمانے میں کشمیر کی حالت نازک تھی اس زمانے میں جن لوگوں نے اختلاف عقائد کے باوجود مرزا صاحب کو صدر منتخب کیا تھا، انہوں نے کام کی کامیابی کو زیر نگاہ رکھ کر بہترین انتخاب کیا تھا۔ اس وقت اگر اختلاف عقائد کی وجہ سے (حضرت) مرزا صاحب کو منتخب نہ کیا جاتا تو یہ تحریک بالکل ناکام رہتی اور امّت مرحومہ کو سخت نقصان پہنچتا۔ میری رائے میں مرزا صاحب کی علیحدگی کمیٹی کی موت کے مترادف ہے۔ مختصر اً یہ کہ ہمارے انتخاب کی موزونیت اب دنیا پر واضح ہو جائے گی''۔

(الفضل 28 مئی 1933ء۔ بحوالہ ماہنامہ خالد سیدنا مصلح موعود نمبر جون/جولائی 2008ء صفحہ 323)

اب پتہ لگ جائے گا کہ کتنا کام کرتی ہے کشمیر کمیٹی اور دنیا نے پھر دیکھ لیا۔

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے اس صورت حال کو بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ ''نہایت قلیل عرصے کی جنگ کے بعد اس طرح کا ایک نظام قائم کر دیا اس کمیٹی نے عوام کی تحریک میں اتنا زور پیدا کر دیا کہ حکومت انگریزی نے بھی ہتھیار ڈال دیئے اور کشمیر کا صدیوں کا غلام آنکھیں کھول کر آزادی کی ہوا کھانے لگا اور اہل کشمیر کو اسمبلی ملی۔ پریس کی آزادی ملی۔ مسلمانوں کو ملازمتوں میں برابری کے حقوق ملے۔ فصلوں پر قبضہ ملا۔ تعلیم کی سہولتیں ملی۔ جو بات نہیں ملی اس کے ملنے کا رستہ کھل گیا۔ اہل کشمیر نے پبلک جلسوں میں امام جماعت احمدیہ زندہ باد اور صدر کشمیر کمیٹی زندہ باد کے نعرے لگائے۔

(ماخوذ از سلسلہ احمدیہ۔ مطبوعہ 1939ء صفحہ 409)

(الفضل 7 اپریل 2009ء ص 6)

حضرت مصلح موعود

اے تخیل گر رسائی پر تجھے کچھ ناز ہے
تا سرِ عرشِ بریں تیری اگر پرواز ہے
شاخہائے سدرہ پر گر تو نشیمن ساز ہے
عالمِ ملکوت سے تو کچھ اگر ہم راز ہے
تو مرے محمود کے احسان کی تصویر کھینچ!
نقش ان کے حسن کا درپردۂ تحریر کھینچ!

پنجۂ تسخیر سے بالا مہِ کامل نہیں
توڑنا تارے فلک کے یہ کوئی مشکل نہیں
غیر ممکن کچھ بیانِ جذبہ ہائے دل نہیں
اور بیروں از اضافہ بحرِ بے ساحل نہیں
پر احاطہ مردِ کامل کا بہت دشوار ہے
یہ نظر وہ ہے جہاں ادراک بھی لاچار ہے

دیدۂ ظاہر میں اے محمود اک انساں ہے تُو
اہلِ دل کی دید میں پر بحرِ بے پایاں ہے تو
صورتِ زیبا میں اپنی یوسفِ کنعاں ہے تو
سیرت حسنہ میں اپنی مظہرِ رحماں ہے تو
احمدِ مُرسل کے ثانی حسن میں احسان میں
خوبیاں تجھ سی نہیں ہرگز کسی انسان میں

تو مقدس باپ کے ہمرنگ اے محمود ہے
نصرت ...... روحِ والد و مولود ہے
یہ حقیقت وہ ہے جو خود شاہد و مشہود ہے
لا جرم لا ریب تو ہی مصلحِ موعود ہے
دیر سے آیا ہے تُو اور دُور سے آیا ہے تُو
یعنی اِک نورِ ازل کے نور سے آیا ہے تُو

حضرتِ احمد سے پہلے تین تھے ایسے بشر
حق تعالیٰ کی بشارت سے ملے جن کو پسر
حضرت ابراہیمؑ اول دوم یحییٰؑ کے پدر
سوم مریمؑ محصنہ جس پر تھی مولیٰ کی نظر
تیری پیدائش نے احمد کو کھڑا ان میں کیا
ہیں یہی وہ تین جن کو چار تُو نے کر دیا

ارضِ ربوہ پر ہیں جب سے آپ جلوہ گر ہوئے
اس کے ذرے جگمگا کر ہمسرِ اختر ہوئے
آپ کی ہمت سے ہی آباد اجڑے گھر ہوئے
اور قائم از سرِ نو مرکزی دفتر ہوئے
بالیقیں اپنی اولوالعزمی میں تو اک فرد ہے
اے خدا کے شیر! تو اک آسمانی مرد ہے

تیرے دم سے اے مسیحی روح فاروقی دماغ
خانہ ...... کا روشن ہوا دھندلا چراغ
عاشقانِ ملتِ احمد کے دل ہیں باغ باغ
دشمنانِ تیرہ باطن کے ہیں سینے داغ داغ
حق نے باندھا ہے ترے سر سہرۂ فتح و ظفر
اے بشیر الدین محمود احمد و فضلِ عمر

ظفر محمد ظفرؔ

موعود قافلہ سالار پر رب ذوالجلال کا سایہ شفقت

بشارت دی کہ اک بیٹا ہے تیرا — جو ہوگا ایک دن محبوب میرا
کروں گا دور اس مہ سے اندھیرا — دکھاؤں گا کہ اک عالم کو پھیرا
بشارت کیا ہے اک دل کی غذا دی — فسبحان الذی اخزی الاعادی

مکرم مولانا دوست محمد صاحب شاہد مؤرخ احمدیت

عظیم الشان نشان آسمانی

حضرت مسیح زماں کی مصلح موعود سے متعلق پیشگوئی کی اشاعت 20 فروری 1886ء پر برٹش انڈیا کے دہریہ اور متعصب حلقوں نے ردعمل کے طور پر یہ ہنگامہ اٹھایا کہ یہ معمولی سی پیشگوئی ہے جس پر حضرت اقدس نے پُرشوکت الفاظ میں واضح فرمایا:

یہ صرف پیشگوئی ہی نہیں بلکہ یہ عظیم الشان نشان آسمانی ہے جس کو خدائے کریم جل شانہ نے ...... صداقت وعظمت ظاہر کرنے کے لئے ظاہر فرمایا ہے اور درحقیقت یہ نشان ایک مردہ کے زندہ کرنے سے **صدہا درجہ اعلیٰ واولیٰ واکمل وافضل واتم ہے۔**

خداوند کریم نے اس عاجز کی دعا کو قبول کر کے ایسی پاک روح بھیجنے کا وعدہ فرمایا جس کی ظاہری وباطنی برکتیں تمام زمین پر پھیلیں گی۔

(اشتہار 22 مارچ 1886ء۔ مجموعہ اشتہارات مسیح موعود جلد اول ص 115,114)

یہ ایک پُراسرار تصرف الٰہی ہے کہ اس عظیم پیشگوئی میں فرزند موعود کی باون صفات بیان کی گئیں اور حضرت خلیفۃ المسیح الثانی صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود المصلح الموعود (12 جنوری 1889ء تا 8 نومبر 1965ء) کا مبارک عہد خلافت بھی کم وبیش باون سالوں پر محیط ہے۔

قتل کی خوفناک سازشیں

اور ان کی ناکامی

خدا تعالیٰ کی اس پُرانوار شخصیت کی جو قبل از وقت باون محاسن وکمالات کی خبر دی گئی ان میں ایک یہ تھی کہ "خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا" یہ خبر برٹش انڈیا اور پاکستان دو ممالک میں ایسی صفائی سے ظہور پذیر ہوگئی کہ ایک عالم دنگ رہ گیا اور ہر خدا رسیدہ اور صاحب بصیرت کو بزبان حال تسلیم کرنا پڑا۔ ؎

وہ جس نے چاند خلا میں اچھال رکھا ہے
اسی خدا نے مجھے بھی سنبھال رکھا ہے

سیدنا حضرت مصلح موعود نے 28 دسمبر 1944ء کو جلسہ سالانہ سے الموعود کے عنوان سے جو معرکہ آراء خطاب فرمایا اس میں اس پیشگوئی کے پورے ہونے کا مسلسل ذکر کیا۔ چنانچہ فرمایا

چھٹی خبر یہ دی گئی تھی کہ خدا کا سایہ اس کے سر پر ہوگا۔ یعنی اللہ تعالیٰ اس کا حافظ و ناصر ہوگا اور اسے دشمنوں کے حملوں سے محفوظ رکھے گا۔ اب دیکھو۔ اللہ تعالیٰ نے کس طرح اس الہام کی صداقت میں متواتر میری حفاظت اور نصرت کی ہے۔ مجھے اس وقت تک کوئی ایسا الہام نہیں ہوا جس کی بناء پر میں کہہ سکوں کہ میں انسانی ہاتھوں سے نہیں مروں گا۔ لیکن بہرحال میں اس یقین پر قائم ہوں کہ جب تک میرا کام باقی ہے اس وقت تک کوئی شخص مجھے مار نہیں سکتا۔ میرے ساتھ متواتر ایسے واقعات گزرے ہیں کہ لوگوں نے مجھے ہلاک کرنا چاہا۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل سے ان کے حملوں سے مجھے محفوظ رکھا۔

پہلا واقعہ

میری عادت ہے کہ میں گرم گرم چائے کے ایک دو گھونٹ پی لیا کرتا ہوں تا کہ گلا درست رہے کہ اسی دوران میں جلسہ گاہ میں سے کسی شخص نے ملائی کی ایک پیالی دی اور کہا کہ یہ جلدی حضرت صاحب تک پہنچا دیں۔ کیونکہ حضور کو تقریر کرتے کرتے ضعف ہو رہا ہے۔ چنانچہ ایک نے دوسرے اور دوسرے نے تیسرے کو اور تیسرے نے چوتھے کو وہ پیالی ہاتھوں ہاتھ پہنچانی شروع کر دی یہاں تک کہ ہوتے ہوتے وہ سٹیج پر پہنچ گئی۔ سٹیج پر اتفاقاً کسی شخص کو خیال آ گیا اور اس نے احتیاط کے طور پر ذرا سی ملائی چکھی تو اس کی زبان کٹ گئی۔ تب معلوم ہوا کہ اس میں زہر ملی ہوئی ہے اب اگر وہ ملائی مجھ تک پہنچ جاتی اور میں خدانخواستہ اسے چکھ لیتا تو اور کچھ اثر ہوتا یا نہ ہوتا اتنا تو ضرور ہوتا کہ تقریر رک جاتی۔

دوسرا واقعہ

دوسرا واقعہ یہ ہے کہ قادیان میں ایک دفعہ ایک دیسی عیسائی آیا جس کا نام میتھیوز تھا اور اس کا ارادہ تھا کہ وہ مجھے قتل کر دے۔ یہاں سے جب وہ ناکام واپس لوٹا تو اس کا اپنی بیوی سے کسی بات پر جھگڑا ہو گیا اور اس نے اسے قتل کر دیا۔ اس پر عدالت میں مقدمہ چلا اور اس نے سیشن کورٹ میں بیان دیتے ہوئے کہا کہ اصل بات یہ ہے کہ میرا ارادہ اپنی بیوی کو ہلاک کرنے کا نہیں تھا بلکہ میں مرزا صاحب کو ہلاک کرنا چاہتا تھا۔ میں نے ایک جگہ کسی مولوی کی تقریر سنی جس نے ذکر کیا کہ قادیان کے مرزا صاحب بہت برے آدمی ہیں اور ان میں یہ یہ برائیاں ہیں۔ میں نے اس کی تقریر کے بعد فیصلہ کیا کہ میں قادیان جا کر مرزا صاحب کو مار ڈالوں گا۔ چنانچہ میں پستول لے کر قادیان گیا۔ اتفاقاً اس روز جمعہ تھا۔ جمعہ کے خطبہ میں چونکہ بہت لوگ اکٹھے تھے۔ اس لئے مجھے ان پر حملہ کرنے کی جرأت نہ ہوئی۔ دوسرے دن میں نے سنا کہ وہ پھیرو چیچی چلے گئے ہیں۔ میں پستول لے کر ان کے پیچھے پیچھے پھیرو چیچی گیا اور میں نے سمجھا کہ وہاں آسانی سے میں اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکوں گا۔ مگر وہاں بھی میں نے دیکھا کہ ان کے دروازہ پر ہر وقت پہرہ دار بیٹھے رہتے ہیں۔ اس لئے میں واپس آ گیا۔ گھر آ کر میرا اپنی بیوی سے کسی بات پر جھگڑا ہو گیا اور میں نے اسے مار ڈالا۔ یہ سارا واقعہ اس نے عدالت میں خود بیان کیا۔ حالانکہ ہمیں کچھ علم نہیں تھا کہ کوئی شخص کس نیت اور ارادہ کے ساتھ ہمارے پاس آیا ہے لیکن ہر موقعہ پر اللہ تعالیٰ نے حفاظت کی اور اسے حملہ کرنے میں ناکام رکھا۔

تیسرا واقعہ

تیسرا واقعہ یہ ہے کہ احرار کی شورش کے ایام میں میں ایک دن اپنی کوٹھی دارالحمد میں تھا کہ افغان لڑکا آیا اور اس نے کہلا بھیجا کہ میں آپ سے ملنا چاہتا ہوں۔ میرے چھوٹے بچے اندر آئے اور انہوں نے بتایا کہ ایک لڑکا باہر کھڑا ہے اور وہ ملنا چاہتا ہے میں باہر نکلنے ہی والا تھا کہ میں نے شور کی آواز سنی۔ میں حیران ہوا کہ یہ شور کیسا ہے۔ چنانچہ میں نے دریافت کرایا تو مجھے اطلاع دی گئی کہ یہ لڑکا قتل کے ارادہ سے آیا تھا مگر عبدالاحد صاحب نے اسے پکڑ لیا اور اس سے ایک چھرا بھی انہوں نے برآمد کر لیا ہے۔ میں نے عبدالاحد صاحب سے پوچھا کہ تمہیں کس طرح پتہ لگ گیا کہ یہ قتل کے ارادہ سے آیا ہے وہ کہنے لگے کہ یہ لڑکا پٹھان تھا اور ہم پٹھانوں کی عادات کو اچھی طرح جانتے ہیں جب یہ باتیں کر رہا تھا تو باتیں کرتے کرتے اس نے اپنی ٹانگوں کو اس طرح ہلایا کہ میں فوراً سمجھ گیا کہ اس نے چھرا چھپایا ہوا ہے۔ چنانچہ میں نے ہاتھ ڈالا تو چھرا نکل آیا۔ پولیس نے اس پر مقدمہ بھی چلایا تھا اور غالباً اس نے اقرار کیا تھا کہ میں قتل کی نیت سے ہی قادیان آیا تھا۔

(اس موقعہ پر حضور نے فرمایا کہ میجر سید حبیب اللہ شاہ صاحب کہتے ہیں کہ وہ اس جیل خانہ میں قید تھا جہاں میں افسر لگا ہوا تھا اور وہ کہتا تھا کہ میں پہلے دھرم سالہ تک ان کو قتل کرنے کے لئے گیا تھا۔ مگر مجھے کامیابی نہ ہوئی۔ آخر میں قادیان گیا اور پکڑا گیا)

چوتھا واقعہ

چوتھا واقعہ یہ ہے کہ ایک دفعہ ام طاہر کے مکان کی دیوار پھاند کر ایک شخص اندر کودنا چاہتا تھا کہ لوگوں نے اسے پکڑ لیا۔ پولیس والے چونکہ ہمارے خلاف تھے۔ اس لئے انہوں نے یہ کہہ کر اسے چھوڑ دیا کہ یہ پاگل ہے۔

پانچواں واقعہ

پانچواں واقعہ بالکل تازہ ہے جو کل ہی ہوا ہے۔ کل ہمارے گھر میں دودھ رکھا ہوا تھا کہ میری بیوی کو شبہ پیدا ہوا کہ کسی نے دودھ میں کچھ ڈال دیا ہے۔ چنانچہ اس شبہ کی وجہ سے انہوں نے کہہ دیا کہ اس دودھ کو استعمال نہ کیا جائے۔ ایک دوسری عورت جسے اس کا علم نہیں تھا یا اس نے خیال کیا کہ یہ محض وہم ہے اس نے وہ دودھ پی لیا اور اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اسے اب تک متواتر قئیں آ رہی ہیں جس سے معلوم ہوتا ہے کہ جو شبہ کیا گیا تھا وہ درست تھا۔

لیکن باوجود اس کے کہ لوگوں نے مجھے ہلاک کرنے کی کئی کوششیں کیں اور ہر رنگ میں انہوں نے زور لگایا۔ چونکہ اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ تھا کہ خدا کا سایہ میرے سر پر ہوگا اس لئے وہ ہمیشہ میری حفاظت کرتا رہا اور اس وقت تک کرتا رہے گا جب تک وہ کام جو میرے سپرد کیا گیا ہے اپنی تکمیل کو نہ پہنچ جائے۔

(الموعود ص 178 تا 183 ناشر الشرکہ اشاعت 12 دسمبر 1961ء)

ہجرت کے بعد خونی منصوبہ قتل

(10 مارچ 1954ء)

خالد احمدیت حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب جالندھری سابق مبشر احمدیت بلاد عربیہ پرنسپل جامعۃ المبشرین و مدیر الفرقان کا بیان ہے۔

مورخہ 10 مارچ 1954ء بروز بدھ قریباً پونے چار بجے بیت مبارک ربوہ میں نماز عصر پڑھ کر ہمارے امام ہمام حضرت مرزا بشیر الدین محمود

احمد صاحب واپس تشریف لے جا رہے تھے کہ محراب کے دروازہ پر اچانک ایک اجنبی نوجوان نے پیچھے سے جھپٹ کر آپ پر چاقو سے حملہ کر دیا۔

چاقو کا یہ وار حضور کی گردن پر شہ رگ کے قریب دائیں طرف پڑا جس سے گہرا گھاؤ پڑ گیا حملہ آور نے دوسرا وار بھی کیا مگر محمد اقبال صاحب محافظ کے درمیان میں آجانے کے باعث اس مرتبہ حضرت کی بجائے چاقو اسے جالگا اور وہ زخمی ہوگیا۔ نمازیوں نے حملہ آور کو پکڑنے کی کوشش کی اور کافی جدوجہد کے بعد اسے قابو میں لایا گیا اور اس کوشش میں بعض دوسرے بھی زخمی ہوئے ......

حضرت امام جماعت احمدیہ زخم لگنے کے فوراً بعد بہتے خون کے ساتھ چند احباب کے سہارے سے اپنے مکان میں تشریف لے گئے۔ خون کو ہاتھ سے روکنے کی پوری کوشش کے باوجود تمام راستہ میں اور سیڑھیوں پر خون مسلسل بہتا گیا جس سے حضور کے تمام کپڑے، کوٹ، مفلر، سویٹر، قمیص، دو بنیانیں اور شلوار خون سے تربہ تر ہو گئے۔ حضور کے ساتھ چلنے والے بعض خدام کے کپڑوں پر بھی مظلوم امام کے مقدس خون کے قطرات گرے (خاکسار ابوالعطا کے کوٹ پاجامہ اور پگڑی پر بھی اس پاک خون کے قطرات پڑے ہیں) مکان پر پہنچ کر ابتدائی مرہم پٹی جناب ڈاکٹر صاحبزادہ مرزا منور احمد صاحب ایم بی بی ایس اور جناب ڈاکٹر حشمت اللہ صاحب نے کی اور زخم کو صاف کرکے ٹانکے لگا کر سی دیا۔ ابتداء میں یہ خیال تھا کہ زخم پون انچ گہرا اور تین انچ چوڑا ہے لیکن جب رات کو لاہور سے مشہور سرجن جناب ڈاکٹر ریاض قدیر صاحب تشریف لائے اور انہوں نے زخم کی حالت دیکھ کر ضروری سمجھا کہ ٹانکے کھول کر پوری طرح معائنہ کیا جائے تو معلوم ہوا کہ زخم بہت زیادہ خطرناک اور سوا دو انچ گہرا اور شہ رگ کے بالکل قریب تک پہنچا ہوا ہے۔ محترم ڈاکٹر صاحب نے اپنی خداداد مہارت سے کام لے کر قریباً سوا گھنٹہ لگا کر زخم کا آپریشن کیا اور اندر کی شریانوں کا منہ بند کر کے باہر ٹانکے لگا دیئے۔......

اس تمام عرصہ میں حضرت باہوش تھے اور آپ کی زبان پر تسبیح و تحمید جاری تھی۔ آپ نے حملہ ہونے کے فوراً بعد بیت سے نکلتے ہی ہدایت فرمائی کہ حملہ آور کو صرف قابو کیا جائے لیکن اسے مارا نہ جائے۔ یہ حملہ ناگہانی اور اچانک تھا اور جونہی نمازیوں کو اس کا پتہ لگا ان میں سے چند دوست لپک کر حضور کے پاس پہنچے اور کچھ احباب نے حملہ آور گرفتار کرنے کی سعی کی۔ اس افراتفری اور انتہائی غم و غصہ کی حالت کے باوجود یہ صرف جماعت احمدیہ کی اخلاقی قوت اور اپنے امام ہمام کے ارشادات کی تعمیل کے جذبہ کا ہی نتیجہ تھا کہ حملہ آور محفوظ حالت میں فوراً حوالہ پولیس کر دیا گیا۔

(ماہنامہ الفرقان ربوہ فروری و مارچ 1954ء ص الف و ب)

دشمن طاقتوں کی منظّم سازش

جیسا کہ انہی دنوں یہ حقیقت بپایہ ثبوت پہنچ گئی کہ یہ حملہ پاکستان اور دین حق کی دشمن طاقتوں کے گٹھ جوڑ کا نتیجہ تھا جس کے پیچھے بعض غیر ملکی عناصر بھی کارفرما تھے اور ان کو یقین کامل تھا کہ حملہ آور اپنے منصوبہ میں یقیناً کامیاب ہوجائے گا مگر خدا کے فرشتے حملہ آور کی چھری اور خدا کے محبوب و موعود خلیفہ کی مقدس شہ رگ کے درمیان حائل ہوگئے اور پھر خدا تعالیٰ نے اپنے پاک وعدوں کے مطابق صرف چند مہینوں کے اندر آپ مکمل طور پر صحت یاب ہوگئے۔ جو ایک خارق عادت نشان رب ذوالجلال کا تھا۔ اس ہولناک سانحہ کے بعد خدائے قادر نے اپنے مسیح موعود کی اس دعا کو بھی پہلے سے بڑھ کر شرف قبولیت بخشا کہ ؎

دے اس کو عمر و دولت کر دور ہر اندھیرا
دن ہوں مرادوں والے پُرنور ہو سویرا

چمکتا ہوا نشان

اب خدا کی قادرانہ تجلی دیکھئے کہ اللہ جلشانہ نے سانحہ ہوشربا کے بعد (جو دنیائے احمدیت کے لئے قیامت صغریٰ سے کم نہیں تھا) مصلح موعود کو اپنے سب چھوٹے مبشر بھائیوں سے لمبی عمر دی اور لاتعداد کامیابیوں اور نصرتوں سے معمور گیارہ برس تک مزید عمر بخشی اور پھر زندگی کے آخری سانس تک اپنے سایہ رحمت و شفقت میں رکھا۔ اس دوران آپ نے صرف پاکستان کے طول و عرض میں بہت سے سفر کئے بلکہ یورپ کا للّٰہی اور نشریاتی دورہ بھی کیا اور یورپین احمدی مشنوں کی عالمی کانفرنس کی بھی کامیاب صدارت فرمائی اور پھر ایک طویل مدت تک دینی خدمات اور عالمگیر جماعت کی راہنمائی کے بعد 1942ء ربانی الہام موت حسن فی وقت حسن (تفسیر کبیر جلد دہم ص571) کے مطابق اپنی اس دعا کے مطابق نفس نقطہ آسمانی کی طرف اٹھائے گئے کہ ؎

تم ہو خدا کے ساتھ خدا ہو تمہارے ساتھ
ہوں تم سے ایسے وقت میں رخصت خدا کرے

برکات وفتوحات پر طائرانہ نظر

سیدنا و امامنا و مرشدنا حضرت مصلح موعود کی زندگی کے بقیہ گیارہ سال کا ہر دن خدا کے فضلوں کا منادی بن کے آیا۔ چنانچہ جہاں (حملہ سے قبل) 1953ء کے سالانہ جلسہ ربوہ کے زائرین کی تعداد صرف 31 ہزار 630 تھی وہاں یہ تعداد 1964ء میں ایک لاکھ سے متجاوز ہوگئی۔ جو معجزہ سے کم نہیں۔ اس سنہری دور میں ہی حضور پُرنور کے قلم سے تفسیر صغیر جیسی تفسیر شائع ہوئی جس نے دنیائے تفسیر میں ایک تہلکہ مچادیا۔ یہ منفرد تصنیف بہت سی لغوی، معنوی اور روحانی عجائبات کا نفیس مرقع بلکہ انسائیکلوپیڈیا تھی جس پر پاکستانی پریس نے بھی خوب داد تحسین دی۔

اسی زمانہ میں مرکز میں ضیاء الاسلام پریس قائم ہوا اور جماعتی آرگن روزنامہ الفضل کراچی کی بجائے ربوہ سے جاری ہوگیا اور اس روحانی و علمی نہر سے ہر احمدی دوبارہ سیراب ہونے لگا کسی نے کیا خوب کہا ہے۔ ؎

جنہیں حقیر سمجھ کے بجھا دیا تو نے
وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہو گی

یہی نہیں خدا کے فضل و کرم سے تعلیم الاسلام کالج، دفتر انصار اللہ مرکزیہ، فضل عمر ہسپتال یادگاری بیت، مرکزی ہال مجلس خدام الاحمدیہ مرکزیہ، جامعہ احمدیہ اور نصرت گرلز ہائی سکول کی شاندار عمارتیں تعمیر ہوئیں۔ وقف جدید جیسی وسیع اور انقلاب آفریں تحریک کی بنیاد پڑی۔ مرکز میں نئے اشاعتی ادارہ، ادارۃ المصنفین کا قیام عمل میں آیا جس نے تفسیر، حدیث، تاریخ احمدیت اور دیگر علوم پر مشتمل بیش بہا لٹریچر شائع کیا۔ یتیموں اور مسکینوں کے لئے دارالاقامہ بھی انہی ایام کی یادگار ہے اسی طرح بیت النور مری روڈ کی شاندار عمارت پایہ تکمیل پہنچی جس سے جماعت احمدیہ راولپنڈی کی دینی مساعی اور تربیتی اور تنظیمی سرگرمیاں ایک نئے سنگ میل میں داخل ہوگئیں۔ ؎

ہم کو مٹا سکے یہ زمانے میں دم نہیں
ہم سے زمانہ خود ہے زمانے سے ہم نہیں

(جگر مرادآبادی)

بیرونی ممالک میں برق رفتار پیش قدمی

اب آیئے نقشہ عالم میں رونما ہونے والے تغیرات کا جائزہ لیں۔ 1954ء سے نومبر 1965ء تک سوئٹزرلینڈ، لائبیریا، فلپائن اور آئیوری کوسٹ میں جماعت احمدیہ کے نئے مشن قائم ہوئے۔ مالٹا کے ایک انجینئر دوست نے داخل احمدیت ہونے کے بعد اس علاقہ میں سلسلہ احمدیہ کا جھنڈا گاڑ دیا۔ دنیا بھر میں اشاعتی لٹریچر میں زبردست اضافہ ہوا۔ چنانچہ اس دوران قرآن مجید کے مقبول جرمن ترجمہ کا دوسرا ایڈیشن منظر عام پر آیا۔ ڈینش ترجمہ قرآن کا حصہ اول شائع ہوا۔ کیکمہ اور لوئین زبانوں میں تراجم قرآن کا مسودہ پایہ تکمیل کو پہنچا۔

علاوہ ازیں حضرت مصلح موعود کی الہامی تحریک، تحریک جدید کے ایثار پیشہ اور سرتا اخلاص مبشرین کی شب و روز کوششوں سے برما، لائبیریا، فلپائن، ہمبرگ، دارالسلام (تنزانیہ، کمپالا، جنجہ، یوگنڈا) ٹانگانیکا، سیرالیون، اکرا (غانا)، رنگون برما اور فجی میں بیوت الذکر اور مشن ہاؤسز کی تعمیر ہوئی اس طرح دنیا بھر میں تیرہ مراکز توحید کا غیر معمولی اضافہ ہوا جو اس زمانہ کے حالات کے اعتبار سے ایک مذہبی ریکارڈ ہے۔

؎

اک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ
ملت کے اس فدائی پہ رحمت خدا کرے

خلاصۂ معروضات

الختصر سیدنا حضرت سیدنا محمود المصلح الموعود کی مبارک مصلحانہ زندگی کا یہ آخری دور بھی ایک شجرہ طیبہ کی طرح ہزاروں، لاکھوں بلکہ کروڑوں شیریں پھلوں اور حسین و دلآویز پھولوں سے لدا ہوا ہے جس کا ایک ایک لمحہ رب کعبہ اور خدائے واحد و یگانہ کے بے پایاں سایہ رحمت کا ناقابل تردید اور دستاویزی ثبوت ہے۔

میرے مقدس آقا سیدنا حضرت محمود ابھی مسند خلافت پر بھی رونق افروز نہیں ہوئے تھے کہ آپ نے القاء ربانی سے 27 راگست 1913ء کو عارفانہ اور متوکلانہ شان کے ساتھ یہ پیشگوئی فرمادی تھی کہ ؎

حملہ کرتا ہے اگر دشمن تو کرنے دو اسے
وہ ہے اغیاروں میں میں اس یار کے یاروں میں ہوں
جانتا ہے کس پہ تیرا وار پڑتا ہے عدو
کیا تجھے معلوم ہے کس کے جگر پاروں میں ہوں

حضرت مصلح موعود کی پُرشوکت پیشگوئی

قاتلانہ حملہ کے بعد حضرت مصلح موعود نے جلسہ سالانہ ربوہ پر اس حادثہ کا وجہ کی تفصیلات پر روشنی ڈالتے ہوئے ارشاد فرمایا:

دشمن نے اپنی طرف سے تو گویا مجھے ختم ہی کر دیا تھا لیکن کہتے ہیں جسے اللہ رکھے اسے کون چکھے۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص فضل اور رحم کے ساتھ دشمن کے ارادوں کو ناکام کر دیا۔

بہرحال ایک بلا آئی اور چلی گئی۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ اس نے ہمیں اس سے محفوظ رکھا۔ مگر میں اس موقعہ پر یہ کہہ دینا چاہتا ہوں کہ جو بھی واقع ہوا۔ حملہ کرنے والے کی نیت بہرحال مجھے مارنے کی اور نہ صرف مجھے مارنے کی بلکہ احمدیت کو مارنے کی تھی اور یہ میرا مذہبی فرض ہے کہ اس موقعہ پر میں یہ دنیا کو بتادوں کہ احمدیت کا میری زندگی پر انحصار نہیں ہے۔ حضرت مسیح موعود بانی سلسلہ احمدیہ آئے اور فوت ہوگئے دشمن نے سمجھا کہ اب احمدیت ختم ہوگئی۔ لیکن اس کا یہ خیال غلط نکلا اور احمدیت قائم رہی اور ترقی کرتی چلی گئی۔ پھر حضرت خلیفۃ المسیح الاول کا زمانہ آیا اور لوگوں نے سمجھا کہ احمدیت حضرت خلیفہ اول کی وجہ سے قائم ہے لیکن آپ بھی وفات پاگئے اور سلسلہ پھر بھی ترقی کرتا چلا گیا پھر سلسلے کی باگ ڈور اللہ تعالیٰ نے میرے ہاتھ میں دی۔ دشمن نے گمان کیا کہ بھلا یہ بچہ کیا کرسکے گا۔ آج نہیں تو کل یہ جماعت تباہ ہوجائے گی۔ **لیکن وہ بچہ آج بوڑھا ہو رہا ہے مگر احمدیت کا قدم جوانی کی طرف گامزن ہے۔ پس احمدیت کی ترقی کا تعلق یا انحصار کسی انسان پر نہیں ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا لگایا ہوا پودا ہے۔**

باقی صفحہ 8 پر

سیدنا حضرت مصلح موعود کا عظیم الشان اور تاریخی کارنامہ

ربوہ کا قیام، ابتدائی حالات، خیمہ جات اور کچی عمارات کے ذریعہ آبادی کا آغاز

خدا تعالیٰ اس مرکز کو حق وصداقت اور روحانیت کی بلندیوں تک پہنچنے کا ذریعہ بنائے (حضرت مصلح موعود)

مکرم فخر الحق شمس صاحب

مرکز احمدیت ربوہ کی ایک ہزار سے زائد ایکڑ پر مشتمل سرزمین سے ہی نامور عرب جرنیل محمد بن قاسم نے سندھ اور ملتان کی فتح کے بعد اپنے لشکر جرار سمیت دریائے چناب کو عبور کیا اور کشمیر کی طرف پیش قدمی کی تھی۔ اس موقع پر عرب فوج اور چنیوٹ کے ہندو راجہ کی خون ریز جنگ ہوئی اور چنیوٹ کو فتح کرتے ہوئے تقریباً سو مجاہدوں نے جام شہادت نوش کیا۔ چنانچہ آج تک اس سرزمین میں شہیدوں کا قبرستان موجود ہے۔

پہلے قافلے کی آمد

اللہ تعالیٰ نے چنیوٹ شہر اور دریائے چناب کے غربی کنارے پر موجود اسی بے آب وگیاہ علاقے کو تقسیم پاکستان کے بعد نئے مرکز ربوہ کی آبادی کے لئے چن لیا اور حضرت مصلح موعود کی اولوالعزم قیادت میں یہاں آبادی کا کام شروع ہوا۔ چنانچہ 19 ستمبر 1948ء کو لاہور سے ربوہ میں خیموں اور چھولداریوں کو نصب کرانے اور دیگر ضروری انتظامات کرنے اور بعد از اس وادی غیر ذی زرع میں مقیم رہنے کے لئے دو قافلے روانہ کئے گئے۔ پہلا قافلہ جو چوہدری عبدالسلام صاحب اختر ایم اے نائب ناظر تعلیم وتربیت اور مولوی محمد صدیق صاحب واقف زندگی کے علاوہ ایک مددگار کارکن، ایک ڈرائیور اور دو مزدوروں پر مشتمل تھا لاہور سے قریباً ایک بجے روانہ ہوا اور سات بجے شام کے قریب ربوہ کی مقدس سرزمین میں پہنچا اور پہلا خیمہ بغیر مزدوروں کی مدد کے چوہدری عبدالسلام اختر صاحب اور مولوی محمد صدیق صاحب نے اپنے ہاتھ سے لگایا۔ مغرب وعشاء کی نمازیں ادا کیں۔ تقریباً نصف شب گزرنے پر محترم مولانا ابوالعطاء صاحب پرنسپل جامعہ احمدیہ کی طرف سے احمد نگر سے کچھ چپاتیاں اور دال آ گئی اور اس وقت جو دال روٹی نے ربوہ کے ان پہلے مکینوں کو لطف دیا وہ زندگی کے قیمتی اور پُر لطف لمحات میں بھی کم محسوس ہوتا ہے۔

افتتاح کی تیاریاں

19 ستمبر کو ہی لاہور سے ربوہ کے لئے دوسرا قافلہ اپنے امیر چوہدری ظہور احمد صاحب کی قیادت میں 5 بجے شام روانہ ہوا۔ رات گیارہ بجے کے قریب چنیوٹ پہنچا اور رات سڑک پر گزارنے کے بعد دوسرے دن ساڑھے آٹھ بجے صبح وارد ربوہ ہوا۔ یہ قافلہ صدر انجمن احمدیہ اور تحریک جدید کے 34 کارکنوں پر مشتمل تھا۔ 20،19 ستمبر کو لاہور سے آنے والے مرکزی کارکنوں نے مل کر اس مقام پر ایک وسیع وعریض شامیانہ نصب کر دیا جو افتتاح کے لئے مخصوص کیا گیا تھا اور جہاں حضرت مصلح موعود نے نماز پڑھانا تھی علاوہ ازیں چھ رہائشی خیمے بھی لگا دیئے گئے۔

حضرت مصلح موعود کی آمد

مورخہ 2 ستمبر کو حضرت مصلح موعود بذریعہ موٹر لاہور سے صبح 9 بجکر 20 منٹ پر روانہ ہو کر ایک بجکر 20 منٹ پر ربوہ کی سرزمین میں رونق افروز ہوئے۔ حضور کے ہمراہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور بعض دوسرے بزرگان بھی تھے۔ حضرت مصلح موعود نے اس یادگار سفر کے لئے لائکپور (فیصل آباد) کا راستہ اختیار فرمایا۔ کیونکہ شیخوپورہ کا کچھ حصہ زیر آب تھا۔ حضور کی آمد سے قبل چنیوٹ، احمد نگر اور لالیاں کے علاوہ سرگودھا، لاہور، قصور، سیالکوٹ، لائکپور، گجرات، گوجرانوالہ، جہلم اور بعض دوسرے اضلاع کے احمدی دوست بھی اس بابرکت تقریب میں شمولیت کے لئے پہنچے ہوئے تھے۔ نماز ظہر ڈیڑھ بجے شروع ہوئی جس میں تقریباً اڑھائی سو احباب شریک ہوئے۔ یہ پہلی باجماعت نماز تھی جو حضرت مصلح موعود کی اقتداء میں اس سرزمین پر پڑھی گئی۔ نماز ظہر سے فراغت کے بعد ربوہ کی افتتاحی تقریب کا دوسرا پروگرام حضرت مصلح موعود کے خطاب سے شروع ہوا۔ حضور نے تشہد، تعوذ کے بعد حضرت ابراہیمؑ کی وہ دعائیں پڑھیں جو آپ نے مکہ مکرمہ کو بساتے وقت اللہ تعالیٰ کے حضور کی تھیں۔ اس کے بعد حضور نے بصیرت افروز اور پُر معارف علوم پر مشتمل ایک لمبا خطاب فرمایا۔ اس نہایت درجہ مؤثر اور درد سے بھرے خطاب کے بعد حضرت مصلح موعود نے حاضرین کے ساتھ مل کر لمبی دعا کی۔

خاص یادگاری موقع

حضرت مرزا بشیر احمد صاحب نے الفضل 22 ستمبر 1948ء میں شائع ہونے والے اپنے ایک مضمون میں رقم فرمایا سلسلہ کی تاریخ میں یہ ایک خاص یادگاری موقع تھا جس میں دو قسم کے بظاہر متضاد لیکن حقیقتاً ایک ہی منبع سے تعلق رکھنے والے جذبات کا ہجوم تھا۔ ایک طرف نئے مرکز کے قیام کی خوشی تھی کہ خدا ہمیں اس کے ذریعہ سے پھر مرکزیت کا ماحول عطا کرے گا اور ہم ایک جگہ اکٹھے ہو کر اپنی تنظیم کے ماحول میں زندگی گزار سکیں گے اور دوسری طرف اس وقت قادیان کی یاد بھی اپنے تلخ ترین احساسات کے ساتھ دلوں میں جوش مار رہی تھی اور نئے مرکز کی خوشی کے ساتھ ساتھ ہر زبان اس ذکر کے ساتھ تازہ اور ہر آنکھ اس دعا کے ساتھ پُرنم تھی کہ خدا ہمیں جلد تر اپنے دائمی اور عالمگیر مرکز میں واپس لے جائے۔

قربانی اور ربوہ میں پہلی بیعت

دعا کے بعد حضرت مصلح موعود نے فرمایا کہ اب اس رقبہ کے چاروں کونوں میں قربانیاں کی جائیں گی اور ایک قربانی اس رقبہ کے وسط میں کی جائے گی۔ اس کے بعد حضور اس رقبہ کے وسط میں تشریف لے گئے اور مسنون دعاؤں کے ساتھ ایک بکرا اپنے دست مبارک سے ذبح فرمایا بعدہٗ چاروں کونوں پر قربانیاں کی گئیں۔ قربانیوں کے بعد ایک ترک نوجوان محمد افضل صاحب نے حضرت مصلح موعود کے مبارک ہاتھ پر بیعت کی اور یہ خوش قسمت نوجوان نئے مرکز کا پہلا پھل قرار دیا گیا۔

ربوہ کے معانی

حضور نے اس موقع پر یہ بھی اعلان فرمایا کہ نئے مرکز کا نام ربوہ تجویز کیا گیا ہے جس کے معنے بلند مقام یا پہاڑی مقام کے ہیں۔ یہ نام اس نیک فال کے طور پر تجویز کیا گیا ہے کہ خدا تعالیٰ اس مرکز کو حق وصداقت اور روحانیت کی بلندیوں تک پہنچنے کا ذریعہ بنائے اور وہ خدائی نور کا ایک ایسا بلند مینار ثابت ہو جسے دیکھ کر لوگ اپنے خدا کی طرف راہ پائیں۔ اس کے علاوہ ظاہری لحاظ سے بھی یہ جگہ ایک ربوہ کا حکم رکھتی ہے۔ کیونکہ وہ اردگرد کے علاقہ سے اونچی ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بعض چھوٹی چھوٹی پہاڑیاں بھی ہیں۔ گویا ایک پہلو میں چناب کا دریا ہے جو پانی یعنی ذریعہ حیات کا منظر پیش کرتا ہے اور دوسرے پہلو میں بعض پہاڑیاں ہیں جو بلندی کی علامت کی علمبردار ہیں۔

نماز عصر، طعام اور روانگی

قربانی اور بیعت کے بعد حضور نے تھوڑے سے وقفہ سے اسی مقام پر جہاں شامیانے کے نیچے نماز ظہر ادا کی گئی تھی۔ عصر کی نماز بھی پڑھائی جس میں علاوہ چھ سو مردوں کے بعض مستورات بھی پردہ کے پیچھے نماز میں شریک ہوئیں۔

نماز عصر کے بعد حضرت مصلح موعود نے دعوت طعام میں شرکت فرمائی اور پھر چار بجکر چالیس منٹ پر واپس لاہور کی طرف روانہ ہو گئے اس طرح نئے مرکز احمدیت کی افتتاحی تقریب جو خدا کی رحمتوں اور برکتوں کا ایک عظیم الشان نشان تھی بخیر وخوبی اختتام کو پہنچی۔

دفاتر کا قیام

ربوہ کے افتتاح کے بعد چوہدری عبدالسلام اختر صاحب منتظم اعلیٰ نے احباب کے مشورے سے اس مقدس مقام کو جہاں حضرت مصلح موعود نے پہلی نماز ادا فرمائی تھی مرکز قرار دے کر اس کے چاروں طرف خیمے اور چھولداریاں نصب کرا دیں جن میں صدر انجمن احمدیہ پاکستان اور تحریک جدید دونوں اداروں کے دفاتر نئے مرکز میں کھل گئے اور بیرونی دنیا سے ان کا سلسلہ مراسلت بھی چنیوٹ کے پتے پر جاری کر دیا گیا۔ 27 ستمبر کو حضرت مصلح موعود کی طرف سے دفتر ڈاک کو بھی ربوہ بھجوانے کی ہدایت دی گئی اور یہ بھی کہ آئندہ خط وکتابت ربوہ کے پتے پر ہو۔ اس طرح جلد ہی اکثر مرکزی

دفاتر نے ربوہ میں کام کرنا شروع کر دیا۔

ربوہ کے پریس میں چرچے

ربوہ کی بے آب و گیاہ زمین جسے جماعت احمدیہ کے اولوالعزم امام اور قائد سیدنا حضرت مصلح موعود ایک شاندار شہر میں بدلنے کا تہیہ کئے ہوئے تھے، اگرچہ ابھی تک خیموں کے ایک مختصر سے کیمپ کا منظر پیش کر رہی تھی مگر خالص الٰہی تصرف کے باعث عام لوگوں کی توجہ اور دلچسپی کا مرکز بنتی جا رہی تھی اور ضرورت تھی کہ پبلک کو اس بستی کے وسیع جماعتی منصوبہ سے متعارف کرایا جائے۔ حضرت مصلح موعود نے اس عظیم مقصد کے پیش نظر 7 نومبر 1948ء کو ربوہ میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب فرمایا۔ اس پریس کانفرنس میں لاہور کے تمام مشہور و ممتاز اور کثیر الاشاعت اردو و انگریزی اخبارات کے مدیر اور نامہ نگار شامل ہوئے اور نہایت گہرا اثر لے کر گئے۔

حضور کا پریس کانفرنس سے خطاب

حضور نے پریس کے نمائندوں کو خطاب کرتے ہوئے بتایا کہ اس زمین کو حکومت بالکل ناقابل کاشت قرار دے چکی ہے۔ گرمی کے متعلق ریسرچ والوں کا کہنا ہے کہ یہاں گرمی بہت زیادہ پڑے گی۔ لیکن ہم اس جنگل کو منگل بنانے کا تہیہ کئے ہوئے ہیں۔ حضور نے ربوہ پر آباد کئے جانے والے شہر کا نقشہ سامنے رکھ کر بتایا کہ اس کی تعمیر امریکی طرز پر ہوگی جس میں ہسپتال، کالج، سکول، ویٹرنری ہسپتال، ریلوے سٹیشن، ڈاکخانہ، واٹر ورکس اور بجلی گھر کے علاوہ صنعتی اداروں کے لئے بھی ایک جگہ چھوڑی گئی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ہم فی الحال پختہ بنیادوں پر کچی دیواریں ہی کھڑی کرنا چاہتے ہیں اور اس پر کم از کم خرچ کا اندازہ 13 لاکھ روپے ہے۔ اس کے بعد جب ہمیں اللہ تعالیٰ پختہ مکانات تعمیر کرنے کا موقع دے گا تو مزید 18,17 لاکھ روپے خرچ ہوگا۔ گویا تیس لاکھ کے قریب رقم تو اس پر سلسلہ ہی کو خرچ کرنی پڑے گی۔ دوسرے لوگ جو اپنے مکانوں پر خرچ کریں گے وہ اس کے علاوہ ہوگا۔ حضور کا خطاب اتنا اثر انگیز اور پُر جذب تھا کہ صحافیوں نے جلی اور شہ سرخیوں سے اس کی مفصل خبر شائع کی اور جماعت احمدیہ اور اس کے امام ہمام کو اس عزم و ہمت پر خراج تحسین ادا کیا۔

پہلا جلسہ سالانہ

ربوہ میں پہلا جلسہ سالانہ 17,16,15/اپریل 1949ء کو منعقد ہوا۔ یہ مثالی جلسہ دنیائے احمدیت میں ایک منفرد و مخصوص تاریخی عظمت و شان رکھتا ہے اور قیامت تک پُرسوز اور پُردرد اجتماعی اور عاجزانہ دعاؤں کی وجہ سے دعاؤں کے جلسہ کے نام سے یاد رہے گا۔

الفضل کا ربوہ نمبر

15/اپریل 1949ء کو ادارہ الفضل نے ایک ربوہ نمبر نکالا جس میں ہجرت اور مرکز ربوہ اور جلسہ سالانہ ربوہ کے متعلق مضامین اور نظمیں شائع کیں۔ ہجرت پاکستان کے بعد روزنامہ الفضل کا یہ پہلا خصوصی شمارہ تھا جو جماعت کی پُرمسرت اور مقدس تقریب افتتاح پر منظر عام پر آیا۔

حضرت مصلح موعود کا مستقل قیام

19 ستمبر 1949ء کو مرکز احمدیت ربوہ ایک نئے اور انقلاب آفریں دور میں داخل ہوا۔ کیونکہ اس روز حضرت مصلح موعود جو اب تک لاہور میں قیام فرما تھے۔ مستقل طور پر ربوہ تشریف لے آئے اور حضور کے انفاس قدسیہ اور روحانی توجہات کی بدولت یہ پاک بستی ایک فعال مرکز کی حیثیت سے جلد جلد ترقی کی منازل طے کرنے لگی۔

(تلخیص از: تاریخ احمدیت جلد 13,12)

بقیہ صفحہ 6

جس نے بہر حال بڑھنا اور ترقی کرنا ہے اور اس کی شاخیں زمین سے آسمان تک پہنچتی چلی جائیں گی۔ (الفضل 2 جنوری 1955ء ص3)

کلمہ اختتام

آخر میں حضرت مصلح موعود ہی کے بابرکت اشعار پر یہ مختصر مقالہ اختتام پذیر ہوگا۔ حضور نے 1924ء کے سفر یورپ کے دوران ایک نظم رقم فرمائی الفضل 11 ستمبر 1924ء میں مندرجہ اشعار اسی پُر معارف کلام سے مستعار لئے گئے ہیں۔

تم مرے قتل کو نکلے تو ہو پر غور کرو
شیشے کے ٹکڑوں کو نسبت بھلا کیا ہیروں سے
مجھ کو حاصل نہ اگر ہوتی خدا کی امداد
کب کے تم چھید چکے ہوتے مجھے تیروں سے
حق تعالیٰ کی حفاظت میں ہوں میں یاد رہے
وہ بچائے گا مجھے سارے خطا گیروں سے

جرمن ہومیو ادویات

مدر ٹنکچرز، پوٹینسیاں، بائیو کیمک ادویات نیز سادہ گولیاں ٹکیاں، شوگر آف ملک مناسب نرخوں پر

ڈاکٹر راجہ ہومیو اینڈ کمپنی کالج روڈ ربوہ

فون نمبر: 047-6213156

یومِ مصلحِ موعود

فروری بیس چھیاسی کو بشارت جو ملی
اس کا مقصد جو فرزند ہے ہم مانتے ہیں
یعنی محمود وہ موعود بشیر ثانی
حضرت مہدی کا دلبند ہے ہم مانتے ہیں
واقف راہِ خدا۔ کاشف اسرار ھُدیٰ
ارجمند اور تنومند ہے ہم مانتے ہیں
مظہر حق و علا مہبط انوار سماء
علم قرآں کا جو اخوند ہے ہم مانتے ہیں
جس نے ویرانے میں اک بستی بسائی ہے نئی
وہ یہی اپنا چمن بند ہے ہم مانتے ہیں
ربوہ میں پھول کھلے نخلہ میں پھل اور ملے
پیرو احمد کا برومند ہے ہم مانتے ہیں
کس نے صحرا کو کیا ذات قرار ومعین
یہ ملائک کی شکر خند ہے ہم مانتے ہیں
قادیاں ربوہ کی صورت میں نمودار ہوئی
یہ مسیحائی فرزند ہے ہم مانتے ہیں
روز و شب تذکرہ و فکر جہاد قلمی
ہر مرید اس پہ رضا مند ہے ہم مانتے ہیں
عشر دیتے ہیں بصد شوق رہ مولیٰ
اجر اس بات کا دہٗ چند ہے ہم مانتے ہیں
بعد تحریک کے جس نے دیا ''وقف جدید''
شاہِ تجدید کا دلبند ہے ہم مانتے ہیں
وہ وسیلہ ہے دعاؤں کی قبولیت کا
کون کہتا ہے کہ در بند ہے ہم مانتے ہیں
خانہ آباد رہے دولت و حشمت بھی بڑھے
یہ دعاء دل آنند ہے ہم مانتے ہیں
رقص مستانہ سرو دے پئے جاناں اکملؔ
کہ جو مؤمن ہے وہ خورسند ہے ہم مانتے ہیں

قاضی ظہور الدین اکملؔ

مکرم مبشر احمد ظفر صاحب

حضرت مصلح موعود اور خدمت قرآن کریم

سرچشمہ ہدایت قرآن مجید کے علوم و معارف سے آپ کو حصہ وافر عطا ہوا تھا

مذہبی تاریخ کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ گزشتہ الٰہی نوشتوں نے یہ منادی کی کہ امام آخرالزماں حضرت مسیح موعود کو اللہ تعالیٰ ایک بلند مقام رکھنے والا فرزند عطا کرے گا، جو آپ کی آسمانی بادشاہت کا وارث ہوگا۔(طالمود باب 5)

جب قدیم نوشتوں کے پورا ہونے کا وقت آن پہنچا تو خداتعالیٰ نے امام آخرالزماں کو ہوشیار پور میں چلہ کرنے کی تحریک فرمائی۔ چنانچہ اس چلہ کے دوران فروری 1886ء آپ کو پسر موعود کی ان الفاظ میں خبر دی گئی۔

’’میں تجھے ایک رحمت کا نشان دیتا ہوں...... تا دین (حق) کا شرف اور کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو...... ایک وجیہہ اور پاک لڑکا تجھے دیا جائے گا...... وہ سخت ذہین و فہیم ہوگا اور دل کا حلیم اور علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائے گا‘‘۔

(اشتہار 20 فروری 1886ء)

ان پیش خبریوں کے عین مطابق حضرت مسیح موعود کے گھر قادیان میں 12 جنوری 1889ء کو وہ موعود فرزند پیدا ہوا اور اس کا نام محمود احمد رکھا گیا۔ اگرچہ محمود احمد کے ذاتی کمالات عظیمہ اور خدمات جلیلہ نے بالفعل گواہی دی کہ یہی وجود ہی پسر موعود ہے۔ تاہم جنوری 1944ء کو لاہور میں اللہ تعالیٰ نے حضرت مرزا محمود احمد کو رؤیا میں پسر موعود ہونے کا بصراحت انکشاف فرمایا جس کا اعلان آپ نے ہوشیار پور کے جلسہ میں ان الفاظ میں فرمایا ’’خدا نے اس (مسیح موعود) کو ایک نشان دیا کہ...... میں تمہیں ایک خاص بیٹا دوں گا...... کلام الٰہی کے معارف لوگوں کو سمجھائے گا...... دینی و دنیوی علوم اسے عطا کئے جائیں گے۔...... مجھے بتایا گیا ہے کہ اس پیشگوئی (پسر موعود) کا میں ہی مصداق ہوں‘‘۔ (الفضل 24 فروری 1944ء)

پیشگوئی پسر موعود کے مصداق حضرت مرزا محمود احمد صاحب جماعت احمدیہ میں حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی المصلح الموعود اور فضل عمر کے ناموں سے بھی مشہور و معروف ہیں۔ خاکسار حضرت مصلح موعود کی خدمت قرآن کا بالاختصار تذکرہ کرنا چاہتا ہے۔

خدمت قرآن کے لئے ظاہری دنیوی علوم، دینی مدارس کی اسناد اور صحت و تندرستی جیسے عوامل بہت اہم گردانے جاتے ہیں۔ لیکن حضرت مصلح موعود کے تعلق میں ہمیں ایک اور منفرد عالم نظر آتا ہے، آپ نے کمزوری صحت کی بنا پر تین ماہ میں قرآن کریم اور دو ماہ میں بخاری شریف سن کر سیکھی۔ یوں لگتا ہے تعلیم کا یہ معمولی اہتمام بھی محض رعایت اسباب کے پیش نظر تھا۔

اس تناظر میں حضرت مصلح موعود کی زبان و قلم سے قرآن کریم کے معارف کا خارق عادت طور پر بیان ہونا ایک خاص موہبت الٰہی ہے، جس سے پیشگوئی کے الفاظ ’’تا کلام اللہ کا مرتبہ لوگوں پر ظاہر ہو‘‘ سو فیصد پورے ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ الغرض آپ کی خدمت قرآن اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ آپ ان پاک مطہر وجودوں میں سے ایک ہیں جنہیں خدا کی طرف سے قرآنی علوم سے بہرہ ور کیا جاتا ہے۔ چنانچہ آپ خود فرماتے ہیں:

’’خدا نے اپنے فضل سے فرشتوں کو میری تعلیم کے لئے بھجوایا اور مجھے قرآن کے مطالب سے آگاہ فرمایا جو کسی انسان کے وہم و گمان میں بھی نہیں آسکتے...... خدا نے مجھے علم قرآن بخشا اور اس زمانہ میں اس نے قرآن سکھانے کے لئے مجھے استاد مقرر کیا ہے‘‘۔

(الموعود انوار العلوم جلد 17 ص 211,210)

درس قرآن

قرآن مجید کی عظمت اور اس کی تفسیر و مطالب کو عام کرنے کی جو دھن آپ کو لگی ہوئی تھی وہ آپ کی زندگی کے ہر ہر لمحہ سے عیاں ہوتی ہے۔ آپ نے 1910ء میں تقریباً 20 سال کی عمر میں قرآن کریم کا درس دینا شروع کر دیا تھا۔ سب سے پہلی چیز جس نے لوگوں کی توجہ کو آپ کی طرف کھینچا وہ آپ کا پُرمعارف درس قرآن ہی تھا۔ آپ درس قرآن کے بارہ میں جماعت کو یوں نصیحت فرماتے ہیں:۔

’’پس ضروری ہے کہ ہر جگہ قرآن کریم کا درس جاری کیا جائے ...... تا قرآن کریم کی محبت لوگوں کے دلوں میں پیدا ہو...... میں سمجھتا ہوں کہ درس کے ذریعہ ہی بہت سے فتن کا آپ ہی آپ ازالہ ہو جائے گا‘‘۔

(سوانح فضل عمر جلد 3 ص 145)

حضور کے ارشاد کی تعمیل میں قریباً ہر جماعت میں درس قرآن کریم جاری ہے۔ خداتعالیٰ کے فضل سے جماعت کے افراد کا علمی معیار اور ذوق دوسروں کی نسبت بہتر ہونے میں اسی مبارک طریق کا بہت بڑا دخل ہے۔

8 راگست 1928ء سے بیت اقصیٰ قادیان میں حضرت مصلح موعود نے ایک خاص درس قرآن کا اہتمام فرمایا، اس درس میں شمولیت کرنے والوں کی قبل از وقت فہرستیں تیار کی جاتیں۔ روزانہ حضور گزشتہ درس کا خود جائزہ لیتے، اس درس میں بیرونی جماعتوں کے افراد بھی شامل ہوتے۔ درس کے اختتام پر دارمسیح موعود میں آپ نے شرکاء کے اعزاز میں ایک الوداعی تقریب بصورت دعوت طعام منعقد کروائی، نیز اپنے دست مبارک سے درس کے امتحانات میں اعلیٰ پوزیشن لینے والوں کو انعامات عطا فرمائے۔

(سوانح فضل عمر جلد 3 ص 147-149)

حضرت مصلح موعود کے ہزاروں خطبات جمعہ و عیدین، جلسہ ہائے سالانہ اور اجتماعات کے خطابات، مختلف تقاریب و مواقع کی ہزاروں پُرمعارف تقاریر و مضامین اور آپ کی مستقل تصانیف قرآن مجید کی تفسیر پر ہی مشتمل ہیں۔ حضرت مصلح موعود کے ذریعہ جو مشن قائم ہوئے وہ بھی دراصل قرآنی تعلیم کے ایسے مراکز ہیں جہاں آپ کے شاگرد آپ کے ہی بیان فرمودہ علوم و معارف سکھانے میں مصروف ہیں۔ آپ فرماتے ہیں:۔

’’خداتعالیٰ نے مجھ پر قرآنی علوم اتنی کثرت کے ساتھ کھولے کہ اب قیامت تک (-) اس بات پر مجبور ہے کہ میری کتابوں کو پڑھے اور ان سے فائدہ اٹھائے ...... اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعے سے ہی قرآن کے معارف کھولے جن کو آج دوست دشمن سب نقل کر رہے ہیں‘‘۔

(خلافت راشدہ انوار العلوم جلد 15 ص 254-256)

فضائل القرآن

1928ء کے جلسہ سالانہ پر حضرت مصلح موعود نے فضائل قرآن کے عنوان پر ایک بلند پایہ علمی سلسلہ تقاریر شروع کیا۔ اپنی ان 6 تقاریر میں حضور نے قرآن کریم کے انوار و محاسن مختلف پہلوؤں سے بیان فرمائے۔ ان تقاریر کے ذریعہ آپ نے خدمت قرآن کی ایک ایسی پنیری بوئی جس کے شاندار لہلہاتے کھیت ہمیں تفسیر قرآن، دیباچہ تفسیر القرآن، انگریزی ترجمہ قرآن و تفسیر صغیر کی شکل میں ملے۔

تفسیر کبیر

حضرت مصلح موعود کی تفسیر کبیر دیگر تمام تفاسیر میں ایک نمایاں اور اعلیٰ مقام رکھتی ہے۔ اس تفسیر کو خلافت رابعہ کے مبارک دور میں ایک ہی سائز کی دس جلدوں میں شائع کیا گیا۔ 1940ء میں سب سے پہلے سورۃ یونس تا کہف کی تفسیر منظر عام پر آئی۔ اس کے بعد قرآن کے آخری پارہ کی تفسیر 1945ء میں طبع ہوئی، بعدازاں 1948ء میں سورۃ فاتحہ کی تفسیر شائع ہوئی۔ ذیل میں تفسیر کبیر کا جلد وائز جدول دیا جاتا ہے۔

جلد نمبر	سورۃ کے نام	سن اشاعت	تعداد صفحات
اول	سورۃ فاتحہ و سورۃ بقرہ 9 رکوع	1948ء	548
دوم	سورۃ بقرہ 10 تا آخری رکوع	1962ء	660
سوم	سورۃ یونس تا ابراہیم	1940ء	496
چہارم	سورۃ حجر تا کہف	1940ء	511
پنجم	سورۃ مریم تا انبیاء	1958ء	579
ششم	سورۃ حج تا فرقان	1957ء	602
ہفتم	سورۃ شعراء تا عنکبوت	1960ء	700
ہشتم	سورۃ النباء تا البلد	1945ء	628
نہم	سورۃ الشمس تا الھمزہ	1946ء	590
دہم	سورۃ الفیل تا الناس	1946ء	590
			5907

حضرت مصلح موعود کی تفسیر کبیر کا بڑا حصہ حضور کے ان درسوں کا مجموعہ ہے۔ جو آپ نے قادیان ڈلہوزی، ربوہ اور کوئٹہ میں دیئے۔ لیکن بعض تفسیری جلدوں میں حضور کے ان معارف کو بھی شامل کر لیا گیا ہے جو آپ نے تقاریر، خطبات اور تصانیف میں بیان فرمائے ہیں۔ (پیش لفظ تفسیر کبیر جلد 2)

تفسیر کبیر کی خوبیاں

اس تفسیر میں آیات اور سورتوں کے باہم تعلق اور ترتیب کے حسن کو نمایاں کیا گیا ہے۔

قرآن کریم کی عصر حاضر سے متعلق پیشگوئیوں کو بیان کرنے میں یہ تفسیر بے نظیر ہے۔

قرآن مجید کے مشکل مقامات اور مضامین کی تفسیر پڑھ کر علم و معرفت کا ایک اور ہی عالم نظر آتا ہے۔

اس تفسیر کی اہمیت و افادیت کا اندازہ لگانے کے لئے چند عناوین درج کئے جاتے ہیں۔

من و سلویٰ، عرش الٰہی، اصحاب کہف اور ذوالقرنین کے متعلق تحقیق، فلسفہ حلت و حرمت، قرآنی قسموں، تمثیلات، مقطعات اور استعارات کی پُرحکمت تشریح، جن و انس کی حقیقت، مسئلہ ارتقاء، ضرورت قرآن، حفاظت قرآن اور تدوین قرآن وغیرہ وغیرہ۔

بہار جاوداں پیدا ہے اس کی ہر عبارت میں
نہ وہ خوبی چمن میں ہے نہ اس سا کوئی بستاں ہے

حضرت مصلح موعود نے اس تفسیر کی اشاعت میں نہ صرف گرانقدر مالی اعانت فرمائی بلکہ اپنے مطالعہ کے لئے تفسیر بلا معاوضہ لینے کی بجائے آپ نے خود خرید فرمائی۔ ارض پاک و ہند کے معروف نقاد، ممتاز صحافیوں اور اہل علم حضرات نے

اس تفسیر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ الغرض اس تفسیر کبیر نے قرآن کتاب مکنون کو کتاب مبین کی صورت میں پیش کیا ہے۔ ؎

دل میں یہی ہے ہر دم تیرا صحیفہ چوموں
قرآں کے گرد گھوموں کعبہ مرا یہی ہے

دیباچہ تفسیر القرآن

حضرت مصلح موعود کی خدمت قرآن کی ایک اور اہم کڑی دیباچہ تفسیر القرآن ہے۔ یہ مفید کتاب سوا تین سو سے زائد صفحات پر مشتمل ہے، جو ضرورت مذہب کے سوال کا دلچسپ اور مکمل جواب پیش کرتی ہے۔ اس کتاب میں قرآن کریم کی فضیلت اور رسول کریم ﷺ کی صداقت مختلف پہلوؤں سے ثابت کی گئی ہے۔ علاوہ ازیں اس میں متعدد اہم قرآنی مضامین کا احاطہ کیا گیا ہے۔

انگریزی ترجمہ قرآن اور تفسیر

حضرت مصلح موعود نے خدمت قرآن کے دائرہ کو وسیع کرنے اور دنیا کو قرآنی حسن و جمال سے آشنا کرنے کے لئے انگریزی ترجمہ کی اشد ضرورت محسوس کی۔ آپ نے اپنی نگرانی میں اس اہم کام کے لئے حضرت مولوی شیر علی صاحب کو مقرر فرمایا اور ان کی معاونت حضرت مرزا بشیر احمد صاحب اور ملک غلام فرید صاحب نے کی۔ یہ ترجمہ اور تفسیر 3 جلدوں میں شائع ہوئی۔ اس ترجمہ سے اپنوں کی تربیت اور غیروں کو دعوت قرآن دینے کے کام کو بہت پیش رفت حاصل ہوئی ہے۔ اس ترجمہ کی صحت اور زبان کی عمدگی کا اعتراف اپنوں اور غیروں نے نہایت عمدہ پیرایہ میں کیا ہے۔ عرب پریس نے لکھا ”اس انگریزی ترجمہ قرآن وتفسیر میں اس امر کا پورا التزام کیا گیا ہے کہ مستشرقین کے اعتراضات کا مدلل اور مسکت جواب دیا جائے۔ حضرت مصلح موعود کے دور خلافت میں کل سترہ (17) زبانوں میں قرآن کریم کا ترجمہ ہوا۔

تفسیر صغیر اور اس کی خوبیاں

حضرت مصلح موعود نے بشدت محسوس کیا کہ اب اس امر کی اشد ضرورت ہے کہ قرآن کے عشاق کو قرآن کریم کا بامحاورہ سلیس اردو ترجمہ مہیا کیا جائے۔ چنانچہ آپ نے کمزوری صحت کے باوجود اس انتہائی مشکل مگر ضروری کام کا خود بیڑا اٹھایا اور بنی نوع انسان کو تفسیر صغیر جیسی عظیم نعمت عطا کر کے ان کی علمی تشنگی بجھانے کا سامان کر دیا۔ اگرچہ تفسیر صغیر سے پہلے کے عام مروجہ اردو تراجم نے قرآنی معارف عام کر کے ایک بہت بڑی خدمت سرانجام دی، مگر زمانے کے تقاضوں، غیروں کے اعتراضات اور اردو زبان کی ترویج و ترقی کے باعث یہ ضروری ہو گیا تھا کہ عام فہم زبان میں قرآنی روح وفلسفہ کے مطابق ترجمہ کیا جائے۔

اس ترجمہ کی بہت بڑی خوبی یہ ہے کہ عربی زبان کی باریکیوں اور قواعد کو مدنظر رکھ کر ترجمہ کیا گیا۔ الفاظ کے صحیح انتخاب کی بناء پر ترجمہ کے سمجھنے میں دقت نہیں ہوتی۔ صحیح ترجمہ نے معترضین کے شک وشبہ کی بنیاد ہی ختم کر دی ہے۔

خدمت قرآن کی غیر معمولی تڑپ

حضرت مصلح موعود کے وجود کے اندر قرآنی علوم کو عام کرنے کی جو تڑپ اور دھن پائی جاتی تھی اس کا اندازہ آپ کے ان الفاظ سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے۔ ”ہماری جماعت کو چاہئے کہ وہ دیوانہ وار نکلیں اور دنیا کو قرآن سے بہرہ ور کرنے کی کوشش کریں...... آج دنیا قسم قسم کی بدیوں میں مبتلا ہے...... مگر اس میں بھی کیا شبہ ہے کہ سوائے قرآن کے ان تمام کا علاج بھی کوئی نہیں“۔

(سوانح فضل عمر جلد 3 ص 144)

آپ یقین محکم اور تحدی کے ساتھ اعلان فرماتے ہیں:۔

”جو شخص (-) کی تعلیم کو دنیا میں پھیلانے لگے گا اسے میرا خوشہ چین ہونا پڑے گا اور وہ میرے احسان سے کبھی باہر نہیں جا سکے گا...... مجھے یہ لوگ خواہ کچھ کہیں ان کے دامن میں اگر قرآن کے علوم پڑیں گے تو میرے ذریعہ سے ہی“۔

(خلافت راشدہ ص 256)

زبردست خراج تحسین

خدمت قرآن کے موضوع پر مولانا ظفر علی خاں صاحب نے حضرت مصلح موعود کے حریفوں کو للکارتے ہوئے جو بیان دیا وہ ناقابل فراموش ہے۔ لکھتے ہیں:۔

”کان کھول کر سن لو! تم اور تمہارے لگے بندھے مرزا محمود کا مقابلہ قیامت تک نہیں کر سکتے۔ مرزا محمود کے پاس قرآن ہے، قرآن کا علم ہے...... مرزا محمود کے پاس (-) ہیں، مختلف علوم کے ماہر ہیں، دنیا کے ہر ملک میں اس نے جھنڈا گاڑ رکھا ہے“۔ (خوفناک سازش ص 196)

بطحا کی وادیوں سے جو نکلا تھا آفتاب
بڑھتا رہے وہ نور نبوت خدا کرے
اک وقت آئے گا کہ کہیں گے تمام لوگ
ملت کے اس فدائی پہ رحمت خدا کرے

ہر علاج ناکام ہو تو بفضل اللہ تعالیٰ
HOLISMOPATHY
سے شفاء ممکن ہے۔ علاج/تعلیم کیلئے
بانی ہومیو ڈاکٹر سجاد
0334-6372030
047-6214226

نئے ذوق اور جدت کے ساتھ
گوندل بینکویٹ ہال اینڈ موبائل کیٹرنگ
خوبصورت انٹیریئر ڈیکوریشن اور لذیذ کھانوں کی لامحدود ورائٹی زبردست ایئر کنڈیشننگ
(بکنگ جاری ہے)
047-6212758,0300-7709458
0300-7704354,0301-7979258

LEARN German LANGUAGE
By German Lady Teacher
صرف خواتین کے لیے
Contact#: 0302-7681425 & 047-6211298

خورشید گارمنٹس
سکول یونیفارم۔ بچگانہ گارمنٹس لیڈیز اینڈ جینٹس جرسی سویٹر، نیز ہوزری کی مکمل ورائٹی دستیاب ہے۔
محسن مارکیٹ اقصیٰ روڈ ربوہ فون 047-6213001
پروپرائٹر: فضل محمد فاتح

ڈیڑھ صد سے زائد مفید اور مؤثر دوائیں
مرض اٹھراء، اولاد نرینہ، امراض معدہ وجگر، نوجوانوں اور شادی شدہ جوڑوں کے امراض۔
بفضلہ تعالیٰ لاکھوں مریض شفاء پا چکے ہیں۔
تحقیق و تجربہ اور کامیابی کے 54 سال
اطباء وسٹاکسٹ فہرست ادویہ طلب کریں
حکیم شیخ بشیر احمد
ایم اے، فاضل طب والجراحت
فون: 047-6211538 فیکس: 047-6212382
ای میل: khurshiddawakhana@gmail.com
مطب خورشید یونانی دواخانہ گولبازار ربوہ۔

موٹاپے کا علاج
ایک ایسی دوا جس کے چھ ماہ تک استعمال سے وزن 40 پونڈ تک یقیناً کم ہو جاتا ہے
عطیہ ہومیو میڈیکل ڈسپنسری اینڈ لیبارٹری
نصیر آباد رحمٰن ربوہ: 0308-7966197

نورتن جیولرز ربوہ
فون گھر 6214214
دکان 6216216
047-6211971

اک قطرہ اس کے فضل نے دریا بنا دیا
علی تکہ شاپ
کالج روڈ ربوہ
Mob:03317724039
PH:6212041,6212941

چلتے پھرتے بروکروں سے سیمپل اور ریٹ لیں۔ وہی ورائٹی ہم سے 50 پیسہ یا 1 روپیہ کم ریٹ میں لیں
گنیا (معیاری پیمائش) کی گارنٹی کے ساتھ
ہماری خواہش ہے کہ آپ کی لاعلمی کی وجہ سے کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔
اظہر ماربل فیکٹری
15/5 باب الابواب درہ سٹاپ ربوہ
فون فیکٹری: 6215713 گھر: 6215219
پروپرائٹر: رانا محمود احمد موبائل: 0332-7063013

عوامی بلڈنگ میٹریل سٹور
ہمارے ہاں گاڈر، ٹی آر، سریا، سیمنٹ اور بلڈنگ میٹریل کی تمام اشیاء موجود ہیں
لنک ساہیوال روڈ دارالبرکات ربوہ
پروپرائیٹر: بشارت احمد
فون: 047-6212983 موبائل 0300-4313469

GALAXY TRAVEL SERVICES
(PVT)Ltd. Govt, Licence No 207
Caters for all your travel needs. Highly trained staff equipped with most modern computer reservation system ready to serve you. do call us.
IATA
TAAP TRAVEL AGENTS ASSOCIATION OF PAKISTAN
042-35774835-36-37
Fax:042-35774838
Suit # 20 1st Floor Al-hafeez view
Sir syed Road Gulberg III Lahore
E-mail: galaexy @brain.net.pk,galaxylahore@gmail.com

”فتح اور ظفر کی کلید تجھے ملتی ہے..... علوم ظاہری و باطنی سے پُر کیا جائیگا“

اھم کتب

تفسیر کبیر، تفسیر صغیر، دیباچہ تفسیر القرآن، سیر روحانی، دعوۃ الامیر، تقدیر الٰہی، ملائکۃ اللہ، ہستی باری تعالیٰ، اسلام کا اقتصادی نظام، نظام نو، سیرۃ النبی ﷺ، مجموعہ ارشادات، مشعل راہ، کلام محمود، خطبات محمود، مجموعہ تصنیفات انوار العلوم

معروف تحریکات

حفظ قرآن کی تحریک (مئی 1922ء)

شدھی کے خلاف جہاد کی تحریک (7 مارچ 1923ء)

چندہ خاص کی تحریک (10 فروری 1925ء)

لاوارث بچوں اور عورتوں کی خبرگیری کی تحریک (جولائی 1928ء)

گھروں میں درس جاری کرنے کی تحریک۔ تعلیم نسواں کی خاص تحریک (دسمبر 1928ء)

ماہرین علوم پیدا کرنے کی تحریک (1944ء)

اتحاد بین المسلمین کی تحریک (1931ء)

حضرت مسیح موعود کی طرز تحریر اختیار کرنے کی تحریک (1931ء)

صنعت و حرفت کی طرف توجہ کی تحریک (1931ء)

قادیان میں مکان بنانے کی تحریک (دسمبر 1931ء)

مسلم کانفرنس کے قیام کی تحریک (1931ء)

5 فروری اہل کشمیر کیلئے مالی و جانی قربانیوں کی پرزور تحریک (1931ء)

احمدیوں کی تربیت کیلئے تحریک سالکین (4 جنوری 1934ء)

اردو سیکھنے کیلئے حضرت مسیح موعود کی کتب پڑھنے کی تحریک (1933ء)

تعلیم الاسلام کالج کیلئے ڈیڑھ لاکھ روپیہ کی تحریک (مارچ 1944ء)

مقامات مقدسہ کی حفاظت کیلئے دعا کی تحریک (26 جنوری 1942ء)

رفقاء حضرت مسیح موعود کو اشاعت احمدیت میں سرگرم ہونے کی تحریک (29 مارچ 1940ء)

تحریک مصالحت (8 جنوری 1932ء)

روایات رفقاء بانی سلسلہ احمدیہ محفوظ کرنے کی تحریک (نومبر 1937ء)

ہندوستان میں دعوت الی اللہ کی خاص تحریک (6 اکتوبر 1942ء)

مستقل وقف کی تحریک (دسمبر 1937ء)

دفاع وطن کی تیاری کی پرزور تحریک (1950ء)

انڈونیشیا، ابے سینیا اور سعودی حکومت سے سفارتی تعلقات قائم کرنے کی تحریک (1947ء)

عالم اسلام کو دعوت اتحاد (1952ء)

حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب خلیفۃ المسیح الثانی کی پیدائش عظیم الشان پیشگوئی مصلح موعود (20 فروری 1886ء) کے مطابق 12 جنوری 1889ء کو قادیان میں ہوئی۔ قرآن کریم ختم کرنے پر آمین کی مبارک تقریب 7 جون 1897ء کو ہوئی۔ تعلیم الاسلام سکول میں داخلہ 1898ء میں ہوا اسی سال حضرت مسیح موعود کے دست مبارک پر بیعت کی۔ انجمن تشحیذ الاذہان کی بنیاد 1900ء میں رکھی۔ پہلی شادی (حضرت امّ ناصر کے ساتھ) 1903ء میں ہوئی۔ میٹرک کے امتحان میں شرکت 18 جنوری 1905ء۔ مجلس معتمدین صدر انجمن احمدیہ کے ممبر جنوری 1906ء میں بنے۔ رسالہ تشحیذ الاذہان کا اجراء مارچ 1906ء میں فرمایا۔ جلسہ سالانہ پر پہلی تقریر 1906ء میں فرمائی۔ 14 مارچ 1914ء کو خلافت کے منصب پر فائز ہونے کے بعد درس القرآن کا آغاز 17 مارچ 1914ء کو فرمایا۔

قرآن کریم کے پہلے پارہ کے انگریزی ترجمہ کی اشاعت 1916ء میں ہوئی۔



لخت جگر ہے میرا محمود بندہ تیرا
دے اس کو عمر و دولت کر دور ہر اندھیرا
دن ہوں مرادوں والے پُر نور ہو سویرا
یہ روز کر مبارک سبحان من یرانی

نظارتوں کا قیام 1919ء میں فرمایا۔ پہلی باقاعدہ مجلس شوریٰ 1922ء میں ہوئی۔ بیت اقصیٰ قادیان کی توسیع 1923ء میں کروائی گئی۔ پہلا سفر یورپ اور لندن میں بیت الفضل کی بنیاد 19۔اکتوبر 1924ء کو رکھی۔ محکمہ قضاء کا اجراء 1925ء میں فرمایا۔ آل انڈیا کشمیر کمیٹی کا قیام اور اس کی صدارت 1931ء میں فرمائی۔ 23 نومبر 1934ء کو تحریک جدید کا اجراء فرمایا۔ خلافت ثانیہ کی سلور جوبلی کی عظیم الشان تقریب 1939ء میں ہوئی۔ تفسیر کبیر کی پہلی جلد 1940ء میں منظر عام پر آئی۔ 1944ء میں مصلح موعود کا دعویٰ اور ہوشیارپور، لدھیانہ اور دہلی کا سفر فرمایا۔ دنیا کی آٹھ مشہور زبانوں میں قرآن کریم کے تراجم کی تکمیل کا اعلان 1946ء میں فرمایا۔ قادیان سے ہجرت 1947ء۔ نئے مرکز سلسلہ ربوہ کی بنیاد 1948ء میں رکھی۔ قرآن کریم کی ڈچ زبان میں اشاعت 1954ء میں ہوئی۔ تفسیر صغیر کی اشاعت 1957ء میں ہوئی۔ پیشگوئی مصلح موعود کی تمام علامتوں کے پورا ہونے اور شجر احمدیت کو اپنی آنکھوں کے سامنے پھلتا پھولتا دیکھنے کے بعد محبوب حقیقی کی طرف 8 نومبر 1965ء کو رحلت فرما گئے۔

نظارتوں اور ذیلی تنظیموں کا قیام

انجمن میں نظارتوں کا قیام (1919ء)

احمدیہ دارالقضاء کا قیام (1925ء)

لجنہ اماء اللہ کا قیام (25 دسمبر 1922ء)

انصار اللہ کا قیام (26 جولائی 1940ء)

ناصرات الاحمدیہ کا قیام (فروری 1939ء)

نصرت گرلز ہائی سکول (1928ء)

خدام الاحمدیہ کا قیام (31 جنوری 1938ء)

تعلیم الاسلام کالج کا قیام (1944ء)

مرکز سلسلہ ربوہ کا قیام (1948ء)

قرآن کا اردو ترجمہ سیکھنے کی پرزور تحریک (29 جولائی 1949ء)

ہندوستان میں سات مراکز اشاعت حق کی تحریک (جولائی 1944ء)

قوم کی بے لوث خدمات بجالانے کی تلقین (فروری 1952ء)

تحریک حج (یکم ستمبر 1952ء)

خدمت پاکستان کی خصوصی تحریک (1952)

سات روزے رکھنے کی تحریک (1953ء)

سچائی اختیار کرنے کی تحریک (1953ء)

تحریک جدید میں شمولیت کی خاص تحریک (دسمبر 1953ء)

پاکستان کیلئے دعا کی تحریک (22 اکتوبر 1954ء)

فارغ التحصیل شاہدین کیلئے نئی سکیم (28 جنوری 1955ء)

جماعت میں اعلیٰ تعلیم کی توسیع کے لئے سکیم (19 اکتوبر 1945ء)

صدر انجمن احمدیہ کیلئے واقفین کی تحریک (8 فروری 1955ء)

مشہور زبانوں میں تراجم قرآن اور لٹریچر کی تحریک (20 اکتوبر 1944ء)

حضرت بانی سلسلہ کے مقدس تبرکات کی حفاظت کی تحریک (1956ء)

محاسبہ نفس کی دعوت (جنوری 1952ء)

قادیان کیلئے تحریک وقف زندگی (مارچ 1956ء)

وقف جائیداد کی تحریک (10 مارچ 1944ء)

صد سالہ جوبلی منانے کی تحریک (10 جنوری 1958ء)

خاندانی وقف کی تحریک (1945ء)

سینما بینی کے خلاف مؤثر آواز (29 اگست 1958ء)

کمیونسٹ تحریک کا مطالعہ کرنے کی تحریک (21 دسمبر 1944ء)

احمدی مہاجرین کیلئے کمبلوں، لحافوں اور توشکوں کی تحریک (1947ء)

ذکر الٰہی کی تحریک (12 اکتوبر 1947ء)

احمدیوں کو حفاظتی فنون سیکھنے کی تلقین (اکتوبر 1947ء)

بعض مجالس اور ادارے

ربوہ میں ظلی صدر انجمن احمدیہ و تحریک جدید انجمن کا قیام (11 اکتوبر 1948ء)

مجلس مشاورت کا قیام (1922ء)

بورڈنگ تحریک جدید کا قیام (1935ء)

جامعۃ المبشرین کا قیام (10 دسمبر 1949ء)

خلافت لائبریری کا قیام (مئی 1952ء)

دینیات کلاس کا آغاز

فضل عمر ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا قیام (11 مئی 1944ء)

دارالشیوخ کی بنیاد (یکم مئی 1926ء)

افتاء کمیٹی کا قیام (1943ء)

قادیان میں دارالصناعۃ کا قیام

ادارۃ المصنفین کا قیام (1957ء)

تحریک جدید کا اجراء (23 نومبر 1934ء)

وقف زندگی کی وسیع تحریک (24 مارچ 1944ء)

بھوکوں کو کھانا کھلانے کی تحریک (30 مئی 1944ء)

اصلاح نسواں کی الہامی تحریک (مئی 1944ء)

حفاظت مرکز کیلئے مالی قربانیوں روزوں اور دعاؤں کی تحریک (فروری 1947ء)

تحریک وقف تجارت (1945ء)

وقف جدید کا اجراء (1958ء)

وقف زندگی برائے دیہاتی مربیان (1943ء)

خاندان حضرت مسیح موعود کو وقف کی خاص تحریک (مارچ 1944ء)

خواتین کو دعوت الی اللہ فنڈ کی پہلی تحریک (دسمبر 1916ء)

آنریری مربیان کیلئے تحریک (نومبر 1916ء)

تحریک وقف زندگی (7 دسمبر 1917ء)

حضرت خلیفة المسیح الثانی فرماتے ہیں:۔

میں تمہیں نصیحت کرتا ہوں کہ خواہ تم کتنے عقلمند اور مدبر ہو، اپنی تدابیر اور عقلوں پر چل کر دین کو کوئی فائدہ نہیں پہنچا سکتے جب تک تمہاری عقلیں اور تدبیریں خلافت کے ماتحت نہ ہوں۔
(الفضل 4 ستمبر 1937ء)

میرا نام زندہ رہے گا

میں اسی خدا کے فضلوں پر بھروسہ رکھتے ہوئے کہتا ہوں کہ میرا نام دنیا میں ہمیشہ قائم رہے گا اور گو میں مرجاؤں گا مگر میرا نام کبھی نہیں مٹے گا یہ خدا کا فیصلہ ہے جو آسمان پر ہو چکا کہ وہ میرے نام اور میرے کام کو دنیا میں قائم رکھے گا......دنیا کی کسی بڑی سے بڑی طاقت کے بھی اختیار میں نہیں کہ وہ میرا نام (دین) کی تاریخ کے صفحات سے مٹا سکے۔ آج نہیں آج سے چالیس پچاس بلکہ سو سال کے بعد تاریخ اس بات کا فیصلہ کرے گی کہ میں نے جو کچھ کہا وہ صحیح کہا تھا یا غلط میں بے شک اس وقت موجود نہیں ہوں گا مگر جب......احمدیت کی اشاعت کی تاریخ لکھی جائے گی تو (۔) مورخ اس بات پر مجبور ہوگا کہ وہ اس تاریخ میں میرا بھی ذکر کرے۔ (تاریخ احمدیت جلد 4 ص 112)

حضرت مصلح موعود کے ساتھ وابستہ دلنشیں یادیں

مکرم چوہدری شبیر احمد صاحب وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ

اللہ تعالیٰ کے فضل سے سیدنا حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد خلیفۃ المسیح الثانی نے 1951ء میں میرا وقف قبول فرماتے ہوئے خدمت سلسلہ کا موقع عنایت فرمایا تو اس ذرہ نوازی سے حضور انور کے بعد آنے والے خلفاء کرام کا قرب بھی نصیب ہوتا رہا اور بفضل خدا اب تک یہ سلسلہ جاری ہے۔

پہلی زیارت

قریباً 13 سال کی عمر میں مجھے سیالکوٹ سے قادیان جانے کا موقعہ ملا بروز جمعہ بیت اقصیٰ کے منبر پر جماعت کے دوسرے خلیفہ سیدنا حضرت مرزا بشیرالدین محمود احمد کو خطبہ جمعہ ارشاد فرماتے ہوئے دیکھا میرے لئے حضور کی زیارت کا یہ پہلا موقع تھا آج تک اس زیارت کا یہ تاثر دل و دماغ پر قائم ہے کہ میں نے منبر پر نور کا اک پیکر دیکھا۔

ایک مخالفت کے طوفان کا مقابلہ

میں جب پانچویں یا چھٹی جماعت کا طالبعلم تھا حضرت مصلح موعود سیالکوٹ میں تشریف لائے۔ سیالکوٹ شہر کے ایک مشہور مقام بنام قلعہ پر رات کے وقت حضور کا لیکچر تھا۔ حضور کا قیام جس گھر میں تھا وہاں کا واقعہ ہے۔ ایک شخص نے حضور کو بھری مجلس میں کہا ''حضور مخالفوں نے لیکچر کے دوران فساد کرنے کا منصوبہ بنایا ہوا ہے حضور وہاں تشریف نہ لے جائیں''۔ اس مجلس میں ایک غیر مبائع دوست بنام عزیز احمد صاحب بھی موجود تھے (جن کی روایت سے میں استفادہ کر رہا ہوں) انہوں نے بیان کیا کہ حضور نے جب یہ پیغام سنا تو بلا خوف و خطر فرمایا کہ اگر مخالفت ہے تو پھر انشاء اللہ میں ضرور جاؤں گا اور پھر مخالفت کی خبر سننے کے باوجود حضور اسی شب لیکچر کے مقام پر تشریف لے گئے اور اگرچہ ابتداء میں چاروں طرف سے خطرناک پتھراؤ ہوا لیکن حضور کے جاں نثاروں نے پتھروں کو اپنے ہاتھوں سے روکا اور مخالفین کسی حربہ سے بھی حضور کو خائف نہ کر سکے جبکہ سارے فسادی لوگ پتھروں کے ساتھ متکبرانہ نعرے بھی لگا رہے تھے۔ جن کی آواز فضا میں آہستہ آہستہ گم ہوگئی۔ بالآخر بفضل خدا حضور کے دلیرانہ عزم اور انتظامیہ کے استقلال اور حسن انتظام سے فسادیوں کو مقام لیکچر سے بھاگنا پڑا اور اس کے بعد حضور نے ایسا شاندار لیکچر دیا جس سے سامعین مسحور ہوگئے اور یہ مشاہدات ہمارے غیر مبائع بھائی کو حضور کی بیعت کرنے کا موجب بنے۔ ہمارے گھر سے والد محترم حافظ عبدالعزیز صاحب اور بڑے بھائی چوہدری ارشاد احمد نے بھی یہ لیکچر سنا تھا۔ ان کے ذریعے بھی اس تقریب کی تفصیل معلوم ہوئی۔

نہر کے ٹرپ کے دوران حضور کی شفقت

خاکسار جس زمانے میں (34-1932ء) قادیان میں طالب علم تھا تو موسم گرما میں اہل قادیان بڑی تعداد میں ایک قریبی نہر پر پکنک منایا کرتے تھے اور بعض اوقات اس میں سیدنا حضرت مصلح موعود بھی بنفس نفیس شمولیت فرماتے تھے۔ اسی طرح کی ایک تقریب میں خاکسار نے حضور کو نہر میں تیرتے ہوئے دیکھا۔ بندہ ابھی تیراکی سے ناواقف تھا اس لئے حضور کے ساتھ ساتھ نہر کے کنارے پر ہی چلتا جا رہا تھا۔ حضور کے عقب میں تیراک جوانوں کا جتھہ (غالباً بیس پچیس ہوں گے) تیرتا جا رہا تھا۔ تیراکی کے دوران دلچسپ گفتگو بھی ہوتی جا رہی تھی۔ حضور نے اتنے میں فرمایا کہ میں نے ابھی تک پاؤں نہیں لگائے اور بدستور تیرتا آ رہا ہوں اور ساتھ ہی بلند آواز سے فرمایا محمد احمد آپ نے بھی ابھی تک پاؤں نہیں لگائے ہوں گے۔ محمد احمد صاحب بھاگلپوری بڑے اچھے تیراک تھے تاہم کہنے لگے کہ حضور میرے پاؤں ابھی لگے ہیں اس پر حضور نے خوشگوار موڈ میں فرمایا کہ محمد احمد میں تو آپ کی تعریف کر رہا تھا آپ نے میری تعریف پر پانی پھیر دیا۔ گو آخری الفاظ ہو بہو یہی نہ ہوں گے مگر اس سے ملتے جلتے تھے۔ موڈ بہر حال بڑا پیارا اور خوشگوار تھا۔ کچھ دیر بعد حضور نہر سے باہر نکل آئے اور فرمانے لگے کہ ہم اپنے مقام سے بہت دور آگئے ہیں اب واپس جانا چاہئے گو میں ابھی اتنا ہی مزید تیر سکتا ہوں۔

نہر سے نکل کر نہر کی پٹڑی پر حضور نے واپسی اختیار فرمائی۔ آپ کے ہمراہ مزید چھ سات افراد بھی تھے جو نہر سے نکل کر پیدل حضور کے ساتھ چل رہے تھے۔ حضور نے فرمایا ہم نے بہت جلد قریباً ایک میل کا فاصلہ طے کر لیا ہے معلوم ہوتا ہے کہ نہر والوں کے میل چھوٹے ہوتے ہیں میرے دل میں حضور کے قریب ہونے کی وجہ سے حضور سے بات کرنے کی خواہش کروٹیں لے رہی تھی حضور کے اس ارشاد پر کہ نہر کے میل چھوٹے ہوتے ہیں میں نے بغیر سوچے سمجھے کہہ دیا کہ ہاں حضور چھوٹے ہوتے ہیں حضور نے میری طرف غور سے دیکھا اور پوچھا آپ کو کس طرح معلوم ہوا کہ نہروں کے میل چھوٹے ہوتے ہیں۔ میں حضور کے استفسار پر اتنا گھبرا گیا۔ بات کرنے کے لئے منہ میں زبان نہیں رہی۔ حضور میری حالت کو فوراً بھانپ گئے اور تسلی آمیز انداز میں فرمایا آپ کس کے بیٹے ہیں خاکسار نے عرض کیا حافظ عبدالعزیز صاحب کا بیٹا ہوں۔ فرمانے لگے اچھا وہ سیالکوٹ والے حافظ عبدالعزیز۔ حضور کے حافظے کی قوت سے میں حیران رہ گیا۔ نیز حضور کی اس حکمت نے بھی حیران کر دیا کہ میری بگڑی حالت کو کس طرح حضور نے ازراہ شفقت بحال فرما دیا۔ بہر حال اللہ تعالیٰ نے حضور سے گفتگو کا شرف عطا فرما دیا جس کی دل میں بڑی خواہش تھی۔

نہر کی پٹڑی پر پیدل چلتے چلتے آخری مقام آ گیا جہاں حضور کا کیمپ تھا۔ حضور نے نہر میں نہانے کے لئے اوپر کے حصہ میں بازوؤں والی بنیان اور نیچے کھڑا پاجامہ پہنا ہوا تھا۔ حضور کا یہ مقدس سراپا کبھی نہیں بھولتا۔

حضور کی صدارت میں نظم خوانی

قادیان میں طالبعلمی کے زمانے میں (34-1932ء) ہائی سکول کے سامنے والے میدان میں ایک مقامی جلسہ تھا۔ غالباً سیرۃ النبی ﷺ کا جلسہ تھا جس میں حضور کی تقریر تھی۔ اس میں تلاوت قرآن مجید کے لئے سلسلہ کے ایک بزرگ حضرت حافظ غلام رسول صاحب وزیرآبادی مکلّف تھے اور نظم کے لئے خاکسار تھا کم عمری میں خاکسار حضور سے اتنا مرعوب ہوا کرتا تھا کہ حالت نارمل نہ رہتی تھی۔ حضور کی موجودگی میں نظم پڑھنا میرے بس کی بات نہ تھی تاہم افتاں و خیزاں حضور کی موجودگی میں نظم پڑھی مگر ٹھیک طرح پڑھی نہ گئی۔ حضور نے تقریر شروع فرمائی تو پہلے تلاوت اور نظم پر تبصرہ فرمایا۔ حضور کے الفاظ ممکن ہے مختلف ہوں گے مگر مفہوم یہی تھا کہ منتظمین نے تلاوت کرنے کے لئے ایک بوڑھے بزرگ کو منتخب کیا جو بڑھاپے کی وجہ سے آواز بلند نہ کر سکے اور نظم کے لئے جو نظم خواں آئے تو ان کی آواز بھی ان کے گلے پر قربان ہو کر رہ گئی۔ حضور نے مزید فرمایا کہ ایک مقام پر ایک کوا اور ایک کبوتر اکٹھے بیٹھے ہوئے دیکھے گئے۔ لوگ حیران تھے کہ ان کا آپس میں کیا جوڑ ہے۔ قریب جا کر انہیں اڑانے کی کوشش کی گئی مگر وہ اڑ نہ سکے غالباً کسی منچلے نے ان دونوں کو باندھ رکھا تھا۔ حضور نے فرمایا یہی حال آج ہمارے تلاوت کرنے اور نظم پڑھنے والے کا تھا جلسہ کے منتظمین نے انہیں اکٹھا کر رکھا تھا کم عمری میں حضور کی مسحور کن موجودگی میں نظم خوانی کا یہ واقعہ عمر بھر نہ بھولے گا۔

حضور سے طلباء جماعت دہم کی الوداعی ملاقات

1934ء میں خاکسار نے ٹی آئی ہائی سکول قادیان سے دسویں جماعت کا امتحان دیا تو یہ معلوم کر کے از حد خوشی ہوئی کہ ایسے موقعہ پر جماعت دہم کے طلباء کی حضور سے الوداعی ملاقات بھی ہوتی ہے۔ چنانچہ وہ مبارک لمحات بھی آئے جب پرائیویٹ سیکرٹری والی عمارت کے بالائی حصہ میں ہم طلباء کو حضور نے شرف ملاقات بخشا۔ فرشی نشست تھی ہم حضور کی معیت میں نیچے بچھی ہوئی دری پر بیٹھ گئے۔ حضور کے ایک صاحبزادے مرزا منور احمد صاحب بھی ہم میں شامل تھے۔ حضور نے ہمارے نگران ٹیچر مکرم ماسٹر محمد ابراہیم جمونی صاحب سے دریافت فرمایا کہ بچوں کے پرچے کیسے ہوئے عرض کیا گیا کہ اچھے ہو گئے ہیں۔ حضور نے فرمایا بچوں کی طبائع مختلف ہوتی ہیں پرچوں کے اچھے یا خراب ہونے کے معیار بھی یکساں نہیں ہوتے زیادہ گہرائی میں جا کر معلوم کرنا چاہئے کہ پرچے کیسے ہوئے ہیں۔ بڑے ہی پیارے ماحول میں یہ ملاقات ہوئی اور مجلس برخواست ہونے پر حضور نے سب کو شرف مصافحہ بخشا۔ اس دوران ایک طالبعلم بنام نوازش علی جو غیر از جماعت تھے نے بیعت کرنے کی درخواست کی جنہیں اولاً حضور نے سمجھایا کہ بیعت بہت سوچ سمجھ کر کرنی چاہئے۔ بعض اوقات ماحول سے متاثر ہو کر بیعت کر لی جاتی ہے مگر بعد میں اسے نبھانا مشکل ہو جاتا ہے اس طالبعلم نے عرض کی کہ میں نے اچھی طرح سوچ سمجھ لیا ہے چنانچہ اس کے اصرار پر حضور نے اس سے بیعت لی اور ہم طلباء یک آواز اسے دوہراتے رہے۔ یہ پیارا منظر عمر بھر نہ بھولے گا۔

حضور کی مسحور کن شخصیت

1947ء میں قیام پاکستان کے بعد حضور نے

پاکستان کی حمایت میں متعدد شہروں میں بڑے راہنما لیکچر دیئے ان میں سے ایک مقام سیالکوٹ بھی تھا۔ حضور کے لیکچر کا اہتمام سیالکوٹ کے ایک مشہور سینما ہال میں کیا گیا۔ ان دنوں سیالکوٹ چھاؤنی میں ایک معروف احمدی افسر بنام کرنل حیات صاحب تھے جن کے توسط سے پاکستانی فوج کے افسران بڑی تعداد میں لیکچر سننے کے لئے تشریف لائے۔ حضور نے اس لیکچر میں پاکستان کو خودحفاظتی اور ہر لحاظ سے ترقی کے ذرائع بیان فرمائے۔ محترم کرنل حیات صاحب کی زبانی معلوم ہوا کہ اس لیکچر سے فوجی افسران بھی بے حد متاثر ہوئے انہوں نے اس بات کا اظہار کیا کہ جس خوبی سے مرزا صاحب نے پاکستان کی حفاظت اور ترقی کا مضمون بیان کیا ہے وہ بڑا راہنما اور حیران کن ہے۔ اس لیکچر میں حضور نے فوجی نقطہ نظر سے ایسے نکات بھی بیان فرمائے جن کے متعلق فوجی افسروں نے بھی اظہار کیا کہ وہ نکات ہمارے لئے بھی نئے معلوم ہو رہے تھے۔

حضور کے اس شاندار لیکچر کا نیک اثر لیکچر کے معاً بعد یوں ظاہر ہوا کہ جملہ حاضرین کو حضور سے مصافحہ کرنے کا شوق پیدا ہوا۔ غیر از جماعت حاضرین بھی جس اخلاص اور محبت سے حضور سے مصافحہ کر رہے تھے وہ نظارہ بڑا قابل دید تھا مصافحہ کرنے کے خواہش مند احباب جوش اخلاص میں ایک دوسرے پر گرے پڑ رہے تھے اور کسی کو خواہ کتنی ہی تکلیف کے بعد حضور تک پہنچنے میں کامیابی ہوئی وہ اس تکلیف کا خیال کئے بغیر بصد شوق بڑھ بڑھ کر مصافحہ کرتے رہے۔

خاکسار کو اس تقریب میں حضور کے لیکچر کے دوران سٹیج پر پہرہ دینے کی سعادت نصیب ہوئی اور خاکسار مصافحہ کرنے والوں کے ذوق شوق اور خلوص کو بڑے قریب سے دیکھ رہا تھا۔ خاکسار ان دنوں ملٹری اکاؤنٹس میں ملازم تھا اور سیالکوٹ چھاؤنی میں ہی میری تعیناتی تھی اور خاکسار نے شکار کے لئے ایک بارہ بور بندوق رکھی ہوئی تھی۔ حضور کے پہرہ کے دوران وہ بندوق میرے ساتھ تھی۔ مصافحہ کرنے والے ہجوم میں خاکسار نے اپنے محکمہ کے ایک افسر کو بھی دیکھا جو گرتے پڑتے حضور تک پہنچ کر مصافحہ کرنے میں کامیاب ہو گیا۔ یہ شخص بڑا متعصب تھا اور اپنے ماتحت احمدی کارکنوں کو بہت دکھ پہنچایا کرتا تھا مگر حضور کے اس لیکچر نے اس کی کایا پلٹ دی اور وہ اس وقت تعصب سے پاک صاف معلوم ہو رہا تھا۔ حضور کی مسحور کن شخصیت بھی اس انقلاب میں کارفرما تھی۔

غالباً اسی موقعہ پر سیالکوٹ میں حضور کی تشریف آوری کے ایام میں احمدیہ بیت (کبوتراں والی) سیالکوٹ شہر کو یہ شرف حاصل ہوا کہ حضور نے یہاں نماز ظہر پڑھائی حضور کی تشریف آوری کے باعث خاکسار بھی یہاں پہنچا ہوا تھا حضور نے یہاں جس سادگی اور بے تکلفی کا اظہار فرمایا وہ میرے لئے بڑا حیران کن تھا۔ حضور وضو کرنے کے مقام پر گئے تو خاکسار فوراً وہاں پہنچ گیا۔ حضور نے وضو کی تیاری کے لئے کوٹ اتارا اور خاکسار کو پکڑا دیا جو وضو کے بعد خاکسار نے حضور کو واپس پیش کر دیا۔

ایک گواہ کی اصلاح

قادیان میں کچھ لوگوں میں باہمی جھگڑا ہو گیا۔ جس کی شکایت حضور تک پہنچ گئی۔ اس سلسلہ میں حقیقت حال معلوم کرنے کے لئے بیت مبارک میں مغرب کے وقت حضور نے ایک گواہ کی گواہی لینا شروع کی۔ گواہ نے اس طرح بیان دینا شروع کیا۔ میں دیکھتا ہوں کہ ایک شخص آتا ہے اور دوسرے کو پکڑ لیتا ہے۔ اس پر حضور نے اس کو ٹوکا کہ یہ طریق گواہی کا صحیح نہیں فقرہ یوں ہونا چاہئے کہ ایک شخص آیا اور دوسرے کو پکڑ لیا اس تنبیہ پر اس گواہ کے ہوش ٹھکانے آگئے اور صحیح طریق سے گواہی دینا شروع کی۔

فتنہ مصری کے بارے میں ایک خواب

36-1935ء کی بات ہے کہ سیالکوٹ میں قادیان سے یہ اطلاعات آنا شروع ہوئیں کہ مدرسہ احمدیہ کے ایک استاد بنام عبدالرحمٰن مصری جماعت سے برگشتہ ہو گئے ہیں اور حضور پر الزام تراشیاں کرتے رہتے ہیں۔ یہ صورتحال سن کر بڑا صدمہ ہوا اور اصلاح احوال کے لئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کی گئیں۔ اسی اثناء میں خاکسار نے حضرت مصلح موعود کو خواب میں تقریر کرتے ہوئے دیکھا حضور کی تقریر کا ایک فقرہ یاد رہ گیا ہے۔ وہ یہ تھا ”پہلے حضرت یوسفؑ کے قصے عام تھے اب میرے قصے عام ہو رہے ہیں“۔ اس خواب میں حضرت یوسف علیہ السلام سے مماثلت کے الفاظ اطمینان قلب کا باعث ہوئے کہ یہ فتنہ بالآخر انشاء اللہ رفع ہو جائے گا اور فتنہ پرداز انشاء اللہ ناکام و نامراد رہیں گے۔ سو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے کچھ عرصہ بعد ایسا ہی ہوا۔

والد صاحب کی ملاقات

غالباً 1948ء کی بات ہے جب سیالکوٹ میں صاحبزادہ مرزا مظفر احمد صاحب ڈپٹی کمشنر تھے تو سیدنا حضرت مصلح موعود سیالکوٹ میں تشریف لائے اور صاحبزادہ صاحب کے ہاں قیام فرمایا۔ خاکسار کے والد صاحب (حافظ عبدالعزیز) خاصے ضعیف ہو چکے تھے تاہم میں نے والد صاحب کو حضور سے ملاقات کرانے کا پروگرام بنایا۔ تقریباً صبح 8 بجے کا وقت ہو گا جب ہم حضرت صاحبزادہ صاحب کی کوٹھی میں حضور کی ملاقات کے لئے پہنچے۔ حضور کہیں تشریف لے جانے کے لئے کوٹھی سے باہر تشریف لا رہے تھے تو میں نے حضور سے اپنے والد صاحب کا تعارف کروایا۔ سلام دعا کے بعد والد صاحب نے حضور سے سوال کر دیا کہ حضور کہاں تشریف لے جا رہے ہیں۔ ان دنوں جنگ کے ایام تھے حضور کے جانے کا پروگرام کا اظہار مناسب نہ تھا اس لئے حضور نے اظہار کرنا مناسب نہ سمجھا اور فوراً والد صاحب سے پوچھا کہ آپ کے بیٹے آجکل کہاں کہاں ہیں۔ بیٹوں کے ذکر سے والد صاحب کو اپنا سوال بھول گیا اور فرمانے لگے ایک بیٹا تو حضور کی خدمت میں ہی ہے باقی کوئی فلاں جگہ کوئی فلاں جگہ۔ اس طرح حضور نے بڑی حکمت عملی اور دانائی سے جس بات کا اظہار کرنا مناسب تھا اسے راز میں ہی رہنے دیا اور والد صاحب کی دلشکنی بھی نہیں ہونے دی۔

رفقاء حضرت مسیح موعود کا احترام

حضور سے میرے والد صاحب جو رفقاء کرام میں شمار ہوتے ہیں ایک اور موقعہ پر حضور سے شرف ملاقات کے لئے میرے ساتھ گئے تو حضور فرشی نشست میں زائرین کے جھرمٹ میں رونق افروز تھے چونکہ حضرت والد صاحب کی بینائی بہت کمزور تھی تو بندہ نے حضور کے کمرے میں داخل کرتے وقت اپنے والد صاحب کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا اسی حالت میں میں نے حضرت والد صاحب کو حضور کے کمرے میں داخل کیا۔ حضور نے مجھے اشارۃً فرمایا کہ راستہ میں جوتیاں پڑی ہوئی ہیں اپنے والد صاحب کو احتیاط سے لائیں۔ بندہ نے اس کی تعمیل کی اور حضور کے قرب میں والد صاحب کو بٹھا دیا۔ حضور کی خاموشی سے والد صاحب نے سمجھا کہ حضور نے انہیں پہچانا نہیں اور اس کا اظہار بھی کر دیا۔ حضور نے فرمایا میں نے آپ کو پہچان لیا ہے آپ کے بیٹے کے ہاتھ میں آپ کا ہاتھ تھا۔ میں نے اسے راستہ کی جوتیوں سے بچا کر لانے کی ہدایت بھی کی اس پر والد صاحب بہت خوش ہو گئے اور پھر دوسری باتیں ہونے لگیں۔ رفقاء کرام سے احترام و محبت کا سلوک حضور کے خاص اوصاف میں تھا۔

حضور کی قوت حافظہ

1938ء میں بی اے پاس کرنے کے بعد خاکسار نے پولیس میں بھی ملازمت کے لئے کوشش کی اور سیالکوٹ سے حضور کو دعا کی درخواست بھجوائی۔ پولیس کی طرف اس لئے رخ کیا کہ تعلیم کے دوران ایک مرتبہ پولیس ہاکی ٹیم کے ساتھ ہمارے کالج اور مرے کالج سیالکوٹ کی ہاکی ٹیم کا میچ ہوا۔ جس کو پولیس کا آئی جی جو انگریز تھا دیکھ رہا تھا میچ کے بعد اس نے ہماری ٹیم کے تین کھلاڑیوں کو ڈائریکٹ اے ایس آئی بھرتی کرنے کی پیشکش کی جن میں خاکسار بھی تھا۔ ہمارے والدین نے پڑھائی چھوڑ کر ملازمت کرنے کو پسند نہ فرمایا اور اس طرح اس پیشکش سے فائدہ نہ اٹھایا گیا۔ حضور کی خدمت میں دعا کی عرض کی گئی اس کے دو تین ماہ بعد جلسہ سالانہ کے موقعہ پر حضور سے شرف ملاقات حاصل ہوا تو حضور نے دریافت فرمایا کہ آپ کی پولیس والی ملازمت کا کیا بنا مجھے سخت شرمندگی ہوئی کہ حضور کو نتیجہ سے باخبر نہ رکھا گیا کہ اس میں مجھے کامیابی نہ ہو سکی۔ شرمندگی کے ساتھ حیرت بھی ہوئی کہ اس عرصہ میں حضور کو ہزاروں خطوط ملے ہوں گے اور جلسہ سالانہ پر حضور ہزاروں لوگوں سے ملاقات فرما رہے ہیں تاہم حضور کو ایک غیر معروف طالب علم کی درخواست بخوبی یاد ہے۔

وقف میں آنے سے پہلے خاکسار ملٹری اکاؤنٹس کے محکمہ میں ایبٹ آباد میں متعین تھا۔ 1950ء کی بات ہے ربوہ میں آبادی کا سلسلہ جاری تھا اس وقت ایبٹ آباد کے صدر جماعت مکرم مولوی عبدالسبوح تھے۔ ہم دونوں نے حضور کے قیام کے لئے ایک بنگلے کا انتظام کر لیا۔ مشاورت کے موقعہ پر ہم دونوں نے مل کر عرض کیا کہ حضور گرمیاں گزارنے کے لئے ایبٹ آباد تشریف لے آئیں۔ ایک بنگلے کا انتظام کر لیا گیا ہے حضور نے یکدم فرمایا میں ربوہ سے کیسے باہر جا سکتا ہوں تعمیر کا کام ہو رہا ہے میں باہر جاؤں گا تعمیر کا کام رک جائے گا۔

اللہ اللہ جماعت کے استحکام کی خاطر آپ ربوہ ایسی بے آب و گیاہ بستی میں ہی رہائش پذیر رہے۔ 1950ء میں ربوہ میں موسم گرما کی شدت اور سہولتوں کے فقدان کا قیاس کر کے ہم حضور کا جواب سن کر حیران ہو گئے۔ یہاں نہ سبزہ ہے نہ بجلی ہے نہ میٹھا پانی مگر حضور محض جماعت کے استحکام کے لئے یہ سب ناقابل برداشت تکالیف رضا کارانہ طور پر برداشت فرما رہے ہیں۔ چنانچہ آپ نے کم و بیش چار سال ایسے ہی تکلیف دہ ماحول میں دن گزارے۔ استحکام جماعت کے لئے حضور کی یہ عظیم الشان قربانی حیران کن قربانی کا نمونہ تھا۔

1951ء وقف زندگی کی منظوری سے پہلے اور بعد حضور نے چند انٹرویوز فرمائے ان میں جو قیمتی ہدایات صادر فرمائیں اختصاراً پیش کی جاتی ہیں۔

فرمایا اپنے کام کے متعلق اس طرح فکر مند رہنا چاہئے جس طرح ایک ماں اپنے بچے کے متعلق فکر مند رہتی ہے۔

فرمایا جماعت میں زیادہ سے زیادہ اچھے تعلقات قائم کرنے چاہئیں اس طرح نیک ماحول میں جماعتی ذمہ داریاں بہتر رنگ میں ادا ہوتی ہیں۔

فرمایا ربوہ میں آنے والے مہمانوں سے ملتے

رہنا چاہئے حتیٰ کہ کبھی کبھی دارالضیافت میں جا کر بھی ان سے ملنا چاہئے۔

خاکسار نے ان قیمتی اور پُرحکمت ہدایات پر حتی الوسع عمل کرنے کی کوشش کی ہے اللہ تعالیٰ ناچیز کو ان قیمتی نصائح پر آئندہ بھی کماحقہ عمل کی توفیق بخشتا رہے۔

اولاد میں برکت

مذکورہ انٹرویوز سے پہلے انٹرویو میں حضور نے دریافت فرمایا کہ آپ کے بچے کتنے ہیں عرض کیا گیا کہ ابھی ایک بیٹا ہے فرمانے لگے کیوں ابھی تک ایک بیٹا؟ دراصل حضور سے قرب رکھنے والے خاندانوں کے حالات کا تفصیلی علم بھی حضور کو ہوتا ہے۔ حضور کے علم میں ہوگا کہ میری شادی پر چھ سال گزر گئے ہیں ایک بچہ ناکافی ہے عرض کیا گیا کہ ایک بچہ مردہ پیدا ہوا تھا اس لئے ابھی زندہ ایک ہی ہے۔ اولاد کی طرف حضور کی توجہ بڑی بابرکت ثابت ہوئی بفضل خدا اس کے بعد سات بچے پیدا ہوئے جن میں سے پانچ بقید حیات ہیں۔ کل چھ بقید حیات ہیں تین بیٹے تین بیٹیاں۔ الحمد للہ ان میں سب سے بڑا بچہ ظفر احمد سرور مربی سلسلہ امریکہ میں خدمات بجالا رہا ہے۔

حضور کے علم میں تھا کہ میں ملازمت چھوڑ کر آیا تھا اس لئے فرمایا کہ آپ کو معمولی گزارہ ملے گا۔ میرے منہ سے اللہ تعالیٰ نے کہلوایا کہ حضور اگر فاقہ بھی کرنا پڑا تو انشاء اللہ بخوشی کروں گا۔ مگر الحمد للہ وقف کے الاؤنس میں بڑی برکتیں دیکھی گئیں کبھی فاقہ کی نوبت نہیں آئی۔

ملت کا سچا فدائی

تھی رفتار میں بجلیوں کی سی تیزی جب اس نے سنبھالی زمامِ خلافت
تسلسل ہے عہدِ مسیحا کا گویا ہے جاری وساری نظامِ خلافت

وہ تھا ایک جہدِ مسلسل کا رسیا پہاڑوں سے اونچے تھے سب کارنامے
مگر سب سے ارفع یہ تھا کارنامہ جو محکم کیا تھا مقامِ خلافت

بہت دکھ اٹھائے بہت درد جھیلے جگر گویا زخموں سے چھلنی ہوا تھا
اولوالعزم نے بار سارے اٹھائے مگر اونچا رکھا پیامِ خلافت

وہ تھا کل کا بچہ مگر فضلِ رب نے تھمائی کلید اس کو فتح وظفر کی
زمانے نے دیکھا وہ اک شیرِ نر تھا جب آیا کہیں پر بھی نامِ خلافت

وہ سچا فدائی تھا ملت کا برحق، خدا اس پہ بارش کرے رحمتوں کی
لہو دے کے زندہ کیا دیں کو اس نے، وہ ٹھہرا ہے رازِ دوامِ خلافت

کریں اپنی نیکی کے معیار اُونچے کہ مانا ہے ہم نے مسیحِ زماں کو
دعا ہے کہ ہم اس بلندی کو چھو لیں ہوا جس غرض سے قیامِ خلافت

امۃ الباری ناصر

حضرت مصلح موعود کا سفر یورپ 1955ء۔ ایمان افروز روداد

علاج کے سفر میں 15 پیغامات، 10 خطبات جمعہ، 5 لیکچر اور مربیان کے اجلاس کی صدارت فرمائی

مکرم مولوی محمد یعقوب طاہر صاحب

حضور کی علالت

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی پر 26 فروری 1955ء بروز ہفتہ نماز مغرب کے بعد پونے سات بجے کے قریب بائیں طرف فالج کا حملہ ہوا۔ اسی وقت ربوہ کی مختلف بیوت الذکر اور محلہ جات میں حضور کے لئے دعا کا اعلان کرایا گیا اور بیرونی جماعتوں کو تاروں کے ذریعہ اس واقعہ کی اطلاع دی گئی۔ ربوہ کی تمام آبادی نے ساری رات نوافل دعاؤں اور گریہ وزاری میں گزاری اور صدقہ کے طور پر بکرے بھی ذبح کئے۔ بیرونی جماعتوں نے بھی اپنے اپنے مقام پر دعاؤں اور صدقات سے کام لیا۔

لاہور کا سفر

9 مارچ کو حضور بغرض علاج لاہور تشریف لے گئے اور 16 مارچ کو ربوہ واپس آ گئے۔

یورپ جانے کا مشورہ

13 مارچ کے الفضل میں حضور نے احباب جماعت کے نام پیغام شائع کرتے ہوئے اعلان فرمایا کہ ڈاکٹری مشورہ کے مطابق یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ میں اہل وعیال اور دفتری عملہ کو لے کر علاج کی غرض سے یورپ چلا جاؤں تا کہ اس مرض کی جلد روک تھام ہو سکے۔

ربوہ سے روانگی

23 مارچ کو حضور ربوہ سے بعزم یورپ لاہور تشریف لے گئے۔ اہالیان ربوہ نے پُرخلوص دعاؤں کے ساتھ حضور کو الوداع کہا۔ حضور نے قائم مقام امیر حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کو مقرر فرمایا۔

لاہور سے کراچی کو روانگی

24 مارچ کو حضور خیبر میل کے ذریعہ لاہور سے کراچی تشریف لے گئے۔

خیبر میل میں حضور کی دعا

راستہ میں حضور نے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا فرمائی کہ:

’’اے خدا ابھی دنیا تک تیرا قرآن صحیح طور پر نہیں پہنچا اور قرآن کے بغیر نہ اسلام ہے نہ مسلمانوں کی زندگی۔ تو مجھے پھر سے توفیق بخش کہ میں قرآن کے بقیہ حصہ کی تفسیر کردوں اور دنیا پھر ایک لمبے عرصہ کے لئے قرآن شریف سے واقف ہوجائے اور اس پر عامل ہوجائے اور اس کی عاشق ہوجائے۔

(الفضل 10/اپریل 1955ء)

کراچی سے دمشق

30,29/اپریل کی درمیانی شب پونے دو بجے حضور کراچی سے بذریعہ ہوائی جہاز دمشق روانہ ہوئے اور 30/اپریل کو صبح سات بجے دمشق پہنچ گئے۔ جہاں الحاج سید بدرالدین الحصنی کے مکان پر حضور نے قیام فرمایا۔ اس مخلص خاندان کے تمام مردوں عورتوں اور بچوں نے جس اخلاص کا مظاہرہ کیا اس کا ایک ہلکا سا اندازہ ان الفاظ سے ہوسکتا ہے جو حضور نے اپنے ایک مکتوب میں تحریر فرمائے کہ:

جس محبت سے یہ سارا خاندان ہماری خدمت کر رہا ہے اس کی مثال پاکستان میں مشکل سے ملتی ہے۔

(الفضل 10 مئی 1955ء)

دمشق سے بیروت

7 مئی کو حضور دمشق سے بیروت تشریف لے گئے۔ راستہ میں حضور نے بعلبک کے آثار قدیمہ ملاحظہ فرمائے۔

بیروت سے جنیوا

8 مئی کو بذریعہ ہوائی جہاز حضور بیروت سے جنیوا تشریف لے گئے۔ سوا آٹھ بجے شام کے قریب حضور بخیریت جنیوا پہنچ گئے۔ جہاں مکرم شیخ ناصر احمد صاحب اور بعض دوسرے دوست حضور کے استقبال کے لئے موجود تھے۔

جنیوا سے زیورک

اسی روز (یعنی 8 مئی کو) حضور سوا نو بجے کی گاڑی پر مع اہل وعیال زیورک روانہ ہو گئے۔

9 مئی کو حضور نے بذریعہ تار مطلع فرمایا کہ ہم خدا تعالیٰ کے فضل سے اہل وعیال کے ساتھ بخیریت زیورک پہنچ گئے ہیں۔

ڈاکٹری مشورہ اور مرض کی تشخیص

زیورک میں ڈاکٹر پروفیسر روزیئر نے حضور کا متعدد بار معائنہ کیا۔ آخر تمام رپورٹوں کے مطالعہ کے بعد مشہور معالج ڈاکٹر جولیسو نے اپنی تشخیص سے مطلع کردیا۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے حضور کا خون اور شریانیں اور باقی ہر چیز معمول کے مطابق پائی گئی ہے۔ البتہ یہ ضروری ہے کہ حضور بہت زیادہ آرام فرمائیں اور تقریریں مختصر کریں۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ گزشتہ سال کے حملہ کے نتیجہ میں جو زخم لگا تھا وہ بے حد خطرناک تھا۔ ایکسرے فوٹو سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ چاقو کی نوک گردن میں ٹوٹ گئی تھی جو اب بھی اندر ہی موجود ہے اور ریڑھ کی ہڈی کے قریب ہے۔ انہوں نے کہا اس حملہ سے امام جماعت احمدیہ کا بچ نکلنا ایک معجزانہ رنگ رکھتا ہے۔

30 مئی کو حضور ڈاکٹر شمٹ ہومیوپیتھ کے مشورہ لینے کے لئے زیورک سے جنیوا تشریف لے گئے اور یکم جون کو واپس زیورک آ گئے۔

زیورک سے روانگی

زیورک میں 30 روز قیام کرنے کے بعد حضور 10 جون کو بذریعہ کار جنوبی سوئٹزرلینڈ کے مقام لوگانو کو روانہ ہو گئے۔ 11 جون کو حضور اٹلی کے مشہور شہر وینس میں پہنچے۔ 14 جون کو حضور وینس سے انزبروک (آسٹریا) تشریف لے گئے۔ 15 جون کو حضور آسٹریا سے جرمنی تشریف لے گئے۔ 6 بجے کے قریب حضور نیورمبرگ پہنچے جہاں چوہدری عبداللطیف صاحب مربی جرمنی اور کئی اور مخلصین حضور کے استقبال کے لئے موجود تھے۔ نیورمبرگ میں پندرہ مرد اور عورتیں احمدی ہیں اور وہ سب کے سب اخلاص اور محبت سے سرشار ہیں۔ اس مقام پر حضور نے احمدیوں کے ساتھ جرمنی میں دعوت الی اللہ کے موضوع پر تبادلہ خیالات بھی فرمایا۔

17 جون کو حضور نیورمبرگ سے روانہ ہوئے اور 18 جون کو پانچ بجے کے قریب ہیگ پہنچے۔ جہاں مقامی مربی مولوی غلام احمد صاحب بشیر اور مکرم محمد ایوب صاحب ساٹری اور کئی نو احمدی دوست حضور کے استقبال کے لئے موجود تھے۔

19 تا 24 جون حضور ہالینڈ میں قیام فرما رہے۔ 25 جون کو حضور بذریعہ ہوائی جہاز ہمبرگ (جرمنی) تشریف لے گئے۔ حضور جرمن مشن کی کامیابی پر نہایت خوش ہوئے اور حضور نے چوہدری عبداللطیف صاحب مربی جرمنی کو ان الفاظ میں خراج تحسین ادا کیا کہ:

’’جرمنی میں تمہاری کامیابی حیرت انگیز ہے اور معجزانہ رنگ رکھتی ہے‘‘۔ (الفضل 15 جولائی)

29 جون کو حضور بذریعہ ہوائی جہاز پھر ہیگ واپس آ گئے۔ جہاں سے روانہ ہو کر حضور 3 جولائی کو لندن پہنچے۔ جہاں مکرم مولود احمد خان صاحب امام بیت لندن اور مقامی جماعت کے تمام مخلصین نے حضور کا پُرتپاک خیر مقدم کیا۔

لندن سے روانگی

لندن میں ایک ماہ 24 دن قیام فرمانے کے بعد حضور 26 جولائی کو لندن سے ربوہ کے لئے روانہ ہوئے اور 27/اگست کو زیورک پہنچے۔ ڈاکٹر روزیئر نے 29/اگست کو حضور کا آخری معائنہ کیا اور اس نے حضور کی صحت کو مکمل طور پر تسلی بخش قرار دیا۔

جماعت کے نام حضور کے پیغامات

یہ امر قابل ذکر ہے کہ حضرت مصلح موعود نے اس سفر میں پندرہ پیغامات مختلف اوقات میں جماعت احمدیہ کے نام بھجوائے۔

پہلے پیغام کا خلاصہ یہ تھا کہ اگر تم چاہتے ہو کہ میری نگرانی میں دین کی فتح کا دن دیکھو تو دعاؤں اور قربانیوں میں لگ جاؤ۔

دوسرے پیغام کا خلاصہ یہ تھا کہ مکمل آرام کے لئے احباب مجھ سے تعاون فرمائیں اور دعاؤں سے کام لیں۔

تیسرے پیغام میں حضور نے جماعت کو اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہوئے دعا فرمائی کہ:

اے میرے خدا جو میرا حقیقی باپ اور آسمانی باپ ہے مجھے اپنے بچوں کو فکر نہیں کہ وہ یتیم رہ جائیں گے مجھے اس کی فکر ہے کہ وہ جماعت جو سینکڑوں سال کے بعد تیرے مامور نے بنائی تھی وہ یتیم رہ جائے گی۔ اگر تو مجھے یہ تسلی دلا دے کہ ان

کے یتیم کا میں انتظام کردوں گا تو پھر میری یہ تکلیف کی گھڑیاں سہل ہو جائیں گی ...... اے میرے وفادار آقا میں تجھے تیری ہی وفاداری کی قسم دیتا ہوں۔ان کمزوروں نے اپنی کمزوریوں کے باوجود تجھ سے وفاداری کی تو طاقتور ہوتے ہوئے ان سے بے وفائی نہ کیجیو کہ یہ بات تیری شان کے شایاں نہیں اور تیری پاکیزہ صفات کے مطابق نہیں۔ میں ان لوگوں کو تیری امانت میں دیتا ہوں۔اے سب بڑے امینوں سے بڑے امین اس امانت میں خیانت نہ کیجیو اور اس امانت کو پوری وفاداری کے ساتھ سنبھال کر رکھیو'۔

چوتھے پیغام میں حضور نے جماعت کو نصیحت فرمائی کہ جماعت میں فتنہ پھیلانے والی بات اگر کسی عزیز ترین وجود سے بھی ظاہر ہو تو اس کا مقابلہ کیا جائے۔

پانچواں پیغام حضور نے مجلس شوریٰ کے موقعہ پر ارسال فرمایا اور لکھا کہ:

میری بیماری کا موجب وہ محنت بھی تھی جو تحریک اور انجمن کے بجٹوں کو ٹھیک کرنے کے لئے مجھے کرنی پڑی۔ میں تو بیمار ہو گیا مگر میری وہ محنت کئی سال تک آمد وخرچ کے توازن کو ٹھیک کر دے گی۔

چھٹے پیغام میں حضور نے دوستوں سے ارشاد فرمایا کہ دعا کریں میری صحت بہت بہتر ہو جائے اور میں تفسیر القرآن کا کام مکمل کر سکوں۔

ساتویں پیغام میں حضور نے فرمایا کہ میں اپنے خدا پر بھروسہ کرتے ہوئے ہوائی سفر کو ترجیح دیتا ہوں۔

آٹھویں پیغام میں حضور نے یہ خوشخبری دی کہ کل میں نے ظہر اور عصر کی نمازیں جماعت سے پڑھائی ہیں اور جمعہ کو خطبہ بھی دیا ہے۔

نویں پیغام میں حضور نے بعض منافقین کے الزامات کا جواب دیا اور انہیں تنبیہ کی کہ وہ اپنی اصلاح کریں۔

دسویں پیغام میں حضور نے یورپ میں دعوت الی اللہ کو وسیع کرنے کے لئے ایک اہم کانفرنس کے انعقاد کی تجویز کی اور ارشاد فرمایا کہ:

میرا ارادہ ہے کہ میں یورپ اور امریکہ کے تمام (مربیان) کو اکٹھا کر کے قضیہ زمین کو برسر زمین طے کرنے کی کوشش کروں۔

گیارہویں پیغام میں حضور نے اس امر پر خوشنودی کا اظہار فرمایا کہ جماعت نے حضور کو فکر سے بچانے کی کوشش کی ہے۔

بارہواں پیغام حضور نے عیدالفطر کے موقع پر ارسال فرمایا اور لکھا کہ پاکستان اور دنیا کے تمام احمدیوں کو عید مبارک ہو۔

تیرہویں پیغام میں حضور نے زیورک کے ڈاکٹری معائنوں کے نتیجہ سے اطلاع دی اور ارشاد فرمایا کہ:

میرا مکمل آرام دوستوں کے ہاتھ میں ہے۔

چودھویں پیغام میں حضور نے چودھری سر محمد ظفراللہ خان صاحب کے متعلق اظہار خوشنودی کیا اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں میرے لئے اس بیماری میں فرشتہ رحمت بنا دیا ہے۔

پندرہواں پیغام حضور نے عیدالاضحیہ کے موقعہ پر بھجوایا اور دین کی فتح کے لئے احباب کو دعائیں کرنے کی تلقین فرمائی۔

حضور کے خطبات جمعہ

اس سفر کے دوران میں حضور نے جو خطبات ارشاد فرمائے ان میں سے دس خطبات اس وقت تک الفضل میں شائع ہو چکے ہیں۔ یہ خطبات حضور نے کراچی، زیورک، ہیگ اور لندن میں پڑھے۔ ان خطبات میں اور مضامین کے علاوہ حضور نے اس امر پر خصوصیت سے روشنی ڈالی ہے کہ کمیونزم سے مقابلہ کے لئے اللہ تعالیٰ نے سورۃ فاتحہ میں کیا کیا اصول بیان فرمائے ہیں۔

حضور کے رویا وکشوف

سفر کے دوران میں حضور نے آٹھ رویا و کشوف دیکھے جو الفضل کی مختلف اشاعتوں میں شائع ہو چکے ہیں۔اس ضمن میں یہ امر خصوصیت سے قابل ذکر ہے کہ رمضان المبارک کے اختتام پر جب ربوہ میں حضور کی صحت کے لئے انتہائی کرب واضطراب کے ساتھ دعائیں کی گئیں اور مومنین کی دعاؤں نے عرش کو ہلا دیا۔تو ہزاروں میل دور اللہ تعالیٰ نے یہی نظارہ زیورک میں حضور کو دکھا دیا۔چنانچہ حضور نے لکھا:

میں نے رویا میں دیکھا کہ ہزاروں ہزار آدمی جماعت کے اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہیں اور میرے لئے دعا کر رہے ہیں۔ وہ اتنا دردناک نظارہ تھا کہ اس سے میرا دل دہل گیا۔

(الفضل 14 جون 1955ء)

حضور کے مکتوبات

اس سفر کے دوران میں حضور نے جو مکتوبات تحریر فرمائے ان میں صرف چھ مکتوب الفضل میں شائع ہوئے ہیں اور بیسیوں خطوط ایسے ہیں جو شائع نہیں ہوئے۔ شائع ہونے والے خطوط میں سے ایک سیٹھ عبداللہ بھائی کے نام خط ہے۔ایک جماعت احمدیہ مشرقی بنگال کے نام مکتوب ہے وہ حضرت مرزا بشیر احمد صاحب کے نام ہیں۔ایک انور صاحب کے نام ہے اور ایک مولوی غلام احمد صاحب بشیر مربی ہالینڈ کے نام ہے۔

حضور کے اعلانات

دوران سفر میں پیش آنے والے اہم معاملات کے متعلق حضور نے جو اعلانات فرمائے ان کی تعداد آٹھ ہے۔آخری اعلان حضور نے یہ فرمایا ہے کہ چونکہ ڈاکٹروں نے مجھے مکمل طور پر آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔اس لئے جب تک ڈاکٹر مجھے کام شروع کرنے کا مشورہ نہ دیں اس وقت تک صدر انجمن احمدیہ ربوہ اور کراچی کو میری بجائے کام کرنے کا اختیار ہوگا۔

حضور کے لیکچر

طبیعت کی ناسازی اور کمزوری کے باوجود حضور نے اس سفر میں پانچ اہم تقاریر فرمائیں۔

(1) 21 مئی کو حضور نے سوئٹزرلینڈ کے احمدی احباب سے اس دلنواز انداز میں خطاب فرمایا کہ:

خداتعالیٰ نے تمہیں میرا روحانی فرزند بنایا ہے۔اس لئے تم سے میری محبت کا رشتہ دنیوی بیٹوں سے زیادہ مضبوط ہے۔

(2) 27 جون کو حضور نے ہمبرگ (جرمنی) میں ایک دعوت استقبالیہ میں دین اور ربوہ کی ترقی کے متعلق ایک بصیرت افروز تقریر فرمائی۔

(3) 29 جون کو حضور نے ہیگ میں ایک دعوت استقبالیہ کے موقعہ پر تقریر کی جس میں ڈیڑھ صد کے قریب مقامی معززین کو مدعو کیا گیا تھا۔

(4) 23 اگست کو لندن میں جماعت احمدیہ کی طرف سے ایک عظیم الشان دعوت کا اہتمام کیا گیا جس میں حضور نے بھی تقریر فرمائی اور توجہ دلائی کہ مادی اسباب کی بجائے اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرنے سے ہی حقیقی امن قائم ہو سکتا ہے۔

(5) 28 اگست کو زیورک میں ایک دعوت استقبالیہ کا اہتمام کیا گیا جس میں حضور نے بھی شرکت فرمائی اور لوگوں کو یقین دلایا کہ عنقریب وہ وقت آنے والا ہے جبکہ مغربی اقوام دین حق کو قبول کر لیں گی۔

حضور کی دعوت الی اللہ کی سرگرمیاں

یہ امر واضح ہے کہ حضور کا یہ سفر کلیۃً علاج کی غرض سے تھا اور ڈاکٹروں کا مشورہ تھا کہ حضور مکمل آرام فرمائیں۔مگر حضور کے قلب اطہر میں دین کی اشاعت کا جو غیر معمولی جوش ہے۔اس نے حضور کو ایسا بیتاب رکھا کہ اس سفر کے کسی مرحلہ میں بھی حضور نے اس مقدس فریضہ کو نظرانداز نہیں کیا۔

